سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! براہ مہربانی، یہ طے کرلیں کہ کون کون سے Bills کمیٹیوں کو بھجوائے جائیں گے اور کون کون سے Bills ہیں جو نہیں بھجوائے جائیں گے، so that once and for all this issue is settled. یہاں پر یہ بات، ٹھیک ہے ہم اس کو settle کرلیں۔ حکومت کے جو Bills آتے ہیں، جو controversial Bills آتے ہیں۔ ایک مرتبہ آپ ruling دے دیں تاکہ ہم بھی یہاں پر آرام سے بیٹھیں، شور، فساد نہ کریں۔ آپ ایک مرتبہ فیصلہ کرلیں۔ ماشاء اللہ اتنی خوب صورت ٹائی آپ نے آج پہنی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ نے ہی بھیجی ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! آج ہی فیصلہ کرلیں کیونکہ یہ ایک issue ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر قانون و انصاف) : محسن عزیز صاحب! یہ سرکاری یونیورسٹی کا Bill بڑی دیر کے بعد آیا ہے، نہیں تو پرائیویٹ یونیورسٹیوں کا ہی آتے ہیں۔ اسے ہونے دیں، ہونے دیں۔

جناب چیئرمین: اور مقبول صدیقی صاحب نے پہلی مرتبہ request کی ہے۔ جی۔

سینیٹر محسن عزیز: کوئی ہم میں سے پڑھا لکھا آدمی ہو جو اس میں کوئی خوبی ڈال سکے۔ What is the harm? I don't know. Why are we always in a hurry? یا تو ہم کمیٹیوں کو بند کر دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! جب ایک Bill دوسرے House سے pass ہو کر آتا ہے، آپ کے Rules of Procedure میں یہ provided ہے کہ وہ at once passage میں جائے گا۔ ہم نے کمیٹی میں بھیجنے کی ایک روایت رکھی ہے۔ یہ قانون کی منشا نہیں ہے۔ یہ ایک روایت ہے کہ Bill کمیٹی کو بھیج دیں، اچھا ہے ایک مرتبہ وہ بھی دیکھ لے۔ Once a Bill has been passed by a House whether it is Senate or a National Assembly Bill." It has been passed. جب آپ کے ایجنڈے پر لگتا ہے، مجھے کوئی ایک ایجنڈا بتا دیں جس میں leave لی جاتی ہے کہ کمیٹی کو exempt کیا جائے اور آج ہی pass کیا جائے۔ یہ Rules of Procedure میں ہے، وہ at once passage میں جائے گا۔ آپ تیار ہو کر آیا کریں۔ اس بل میں جو amendment لانا چاہتے ہیں، وہ دیں۔ اس وقت discuss ہو سکتا ہے۔ آپ اٹھ کر کہیں کہ اس میں یہ یہ خرابیاں ہیں، اس کو آج pass نہ کیا جائے اور کمیٹی کو بھیج دیا جائے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو بتاتا ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں صرف یہ عرض کروں۔ جب آپ Bill pass کر کے قومی اسمبلی میں بھیجتے ہیں، دونوں ایوانوں کا ایک آپس کا بھی تھوڑا بہت تقدس کا رشتہ ہے۔ جب آپ Bill pass کر کے بھیجتے ہیں، وہ at once passage میں لے کر جاتے ہیں اور اگر وہ passage میں نہیں لے کر جا رہے ہیں تو وہ rules suspend کرتے ہیں، Motion آتی ہے۔ مہینے میں ایک آدھ Motion دینا پڑتی ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میں تھوڑا سا request کرنا چاہتا ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: مہینے میں ایک آدھ Motion دینا پڑتی ہے کہ یہ rule suspend کیا جائے اور اسے کمیٹی کو بھیجا جائے۔ جناب! ہم نے سمجھ لیا ہے کہ کمیٹی کو بھیجنا مذہب ہے، جناب! مذہب نہیں ہے، آپ کے rules کہتے ہیں جن کے ہم پابند ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ "It should be passed at once." اگر وہاں سے pass ہو کر آیا ہے۔ یہ سیکرٹریٹ کے دوست بیٹھے ہیں، اگر کسی کو اس میں کسی قسم کا ابہام نظر آئے تو میں حاضر ہوں۔ ہم نے ایک روایت ضرور رکھی ہے کہ جو اہم بل ہیں، انہیں کمیٹیوں میں بھیج دیا جائے لیکن جناب! یہ rule of thumb نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: قائد حزب اختلاف! میں آپ سے ایک گزارش کروں گا۔ میں نے شروع میں آپ سے پوچھا۔ کسی نے اس پر اعتراض نہیں کیا۔ جب pass ہو گیا تو پھر محسن عزیز صاحب نے اعتراض کیا۔ اب اس کا یہ ہے کہ میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ وزیر صاحب میرے چیمبر میں آئے اور انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو بھیجنا ہے تو بھیج دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے شک بھیج دیں مگر ایک اچھی چیز تھی اور احتراماً ہم نے کہا کہ انہوں نے پہلی مرتبہ request کی ہے اور آپ نے بھی اعتراض نہیں کیا بلکہ متفقہ طور پر pass کریں۔ جی۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! بات صرف اس کی نہیں ہے جو سینیٹر محسن عزیز نے raise کی ہے۔ وہ بنیادی طور پر بات کر رہے تھے کہ ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ کون سی چیز ہم نے کمیٹی میں بھیجنی ہے اور کون سی نہیں بھیجنی ہے۔ وزیر قانون صاحب کا logic میری سمجھ سے باہر ہے، اس لیے کہ ہمیشہ چیزوں میں بہتری ہوتی ہے، ہم نے یہ دیکھا ہے کہ جو بل وہاں سے آتے ہیں، ان میں بھی کئی lacunas ہوتے ہیں and with due respect to that House اب مثلاً میں آپ کو ایک example دوں، جب Science and Technology کی meeting ہو رہی تھی تو ہر ایک کو جلدی تھی، مصدق ملک صاحب نے کہیں اور جانا تھا، افنان نے کہا کہ جی میری دوسری کمیٹی ہو رہی ہے, میں وہاں جانا چاہتا ہوں لیکن ہم نے insist کیا کہ دیکھیں جی یہ Legislation ہو رہی ہے اس میں ہم نے clause by clause چلنا ہے۔ کامل علی آغا صاحب چیئرمین ہیں وہ اس کو address کریں گے and we decided اچھا ہوا کہ جو Treasury والے ہیں وہ بیٹھے رہے اور اس میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ یہ Bill جو صدیقی صاحب

ابھی پیش کرنے والے ہیں، اس میں ہم نے اتنی زیادہ corrections کیں it was so badly drafted. اس میں اور کئی lacunas تھے، ہم سارے بیٹھے، ہم نے discuss کیا ایک ایک clause کو اور آخر میں جو چیز بنی وہ میرے خیال میں بہتر ہی بنی، کیونکہ اس میں ایک collective wisdom تھی، اس میں ان lacunas کو fill کیا گیا جو کہ دوسرے House سے ہو کر آتے ہیں۔ کئی Houses میں یہی ہوتا ہے، یہاں پر بھی پہلے یہی ہوتا تھا، اس کو vote کر دیں۔۔۔

Mr. Chairman: I appreciate it.

سینیٹر سید شبلی فراز: اس Committee میں بھی یہی کہا گیا کہ اس کو vote کر دیں جی بس نکالیں۔ ہم تو اپنے کام کے ساتھ dishonesty نہیں کر سکتے۔ کامل علی آغا صاحب Witness ہیں۔ I would like him to speak out on this کہ یہ اس کی sequencing کیسے ہوئی۔ ہم نے کہا اس کو آپ نے، ہمارے جو Treasury کے تھے جو ادھر بھی آئے ہوئے تھے یہ کہا کہ بس آئے ہوئے ہیں، ووٹ کر لیں کہ آپ بھی نکلیں اور ہم بھی نکلیں اور قصہ فارغ ہو۔

ہم نے چھ گھنٹے لگائے، فارغ ہم بھی نہیں ہیں، لیکن ہم نے چھ گھنٹے لگائے اور اس Bill کو O.K کیا اور ایک clarity میں اس Bill کے بارے میں بتا دوں، جب یہ Bill ہم لائے تھے، then, we as policy, ہم نے کابینہ بھیجا تھا۔ اس کی پوری scheme change کر دی گئی ہے۔ اس وقت lead Ministry, Ministry of Science and Technology تھی لیکن ابھی جو یہ Bill ہے اس میں پوری scheme Change کر دی گئی ہے۔ جس کے لیے ہم اس میں شامل نہیں ہیں، اس پوری scheme کے structure کو change کر دیا۔ However یہ جو delay ہوا، جو نقصان ملک کو ہوا وہ ایک علیحدہ بحث ہے۔ لیکن چونکہ Committee سے ہو گئی تو ہم اس کو اور Committee میں کیا ہے کہ چاہے وہ ہمارے House کے لوگ ہوں یا Treasury کے ہوں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ چونکہ اس پر due deliberation ہو چکی ہے تو وہ اس Bill کو اتنی باریکی سے نہیں دیکھتے، بالکل ٹائم نہیں ہوتا ہے۔ اس لیے committees کے پاس جانا بڑا اہم ہے، اس میں ساری parties

کی representation ہوتی ہے اور جو Bill آتا ہے کیونکہ دیکھیں یہ Bill ایک دن کے لیے نہیں ہے، ایک خاص occasion کے لیے نہیں ہے تو ہمیں اس میں اپنی محنت کرنی ہوگی، ہمیں اس کی formalities دیکھنی ہوں گی، یہ کہ ادھر پاس کیا، اس لیے ہم نے بھی پاس کرنا ہے۔ تو جس طرح پہلے بھی کہا تھا کہ پھر اس House کو بند کر دیں کیونکہ جو مسئلہ ہے وہ ان کا ہے ٹھیک کیا غلط کیا اس کو کیا۔

جناب! ہم Universities کے بڑے حق میں ہیں لیکن Universities کے جو مسائل ہیں پورے اس میں HEC سے لے کر اور جس تک funding ان کے پاس نہیں ہے، pension ان کے پاس نہیں ہے، کچھ نہیں ہے اور ہم universities بنا رہے ہیں۔ تو اس لیے ہر چیز کو اس کے پورے context میں دیکھا جانا چاہیے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، میں یہ .responsibility

**(مداخلت)**

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں نہیں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس میں ایک amendment ہم نے کرنی ہے جو کہ میں نے لاء منسٹر صاحب سے بھی بات کر لی ہے اور میرا خیال ہے کسی کو بھی اس پورے House میں اعتراض نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محسن عزیز صاحب! ابھی وہ stage نہیں آئی۔

It has been moved that the Bill to amend the National University of Technology Act, 2018 [The National University of Technology (Amendment) Bill, 2024], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Bill stands Passed. Let me say unanimously, thank you, I am in favour of your opinion.

بلکہ National Assembly appreciate کر رہی تھی کہ جو Bill انہوں نے Committee کو بھیجا تھا، ہمیں بھی بھیجنا چاہیے تھا۔-Order No.6, Minister-In-Charge.

**Consideration and Passage of [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024]**

Azam Nazeer Tarar(Minister for Law and Justice): Sir! I wish to move that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اس میں پہلے I must appreciate کہ کامل علی آغا صاحب کی سربراہی میں Committee نے اس کو بڑی باریکی سے دیکھا۔۔۔

جناب چیئرمین: میں سنوں گا، ایسے put نہیں کرتا۔آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں جو improvements ہونے والی تھیں، وہ کیں۔ ایک دو amendments آج آئی ہیں وہ میں نے examine کی ہیں، وہ ہم clause by clauseجب کریں گے تو اس پر respond کر دوں گا۔ ایک کام جو بڑی دیر سے رکا پڑا ہے اور اگر وہ ہونے جا رہا ہے، اس نیت کے ساتھ کہ اس میں جو کمی بیشی تھی وہ نکال دی گئی ہے۔ I must appreciateمیں شکریہ ادا کرتا ہوں Committee membersکا کہ جیسے

Leader of Opposition نے فرمایا، انہوں نے بڑی عرق ریزی کی، کئی گھنٹے Committee بیٹھی اور انہوں نے سارے کو examine کر کے اس میں جو necessary changes تھیں وہ House کو suggest کی ہیں۔...I placed it

Mr. Chairman: There are few, Minister for Law.

یہ ابھی amendments کے لیے کچھ کہہ رہے ہیں۔اس کا procedure یہ ہے، جب اسے clause by clause کریں گے تو جو آپ کی amendment ہو گی اس وقت آپ نے put کرنا ہے۔

سینیٹر جان محمد: پاکستان کا جو آئین ہے اس میں تمام چیزیں واضح ہیں کہ lists بنی ہوئی ہیں کہ ہم کس پر قانون سازی کر سکتے ہیں۔ Federal Government and Federal Legislative List میں جو چیزیں ہیں ہم صرف ان پر قانون سازی کر سکتے ہیں، ان کو لے کے آگے بڑھ سکتے ہیں اور جو چیزیں اس میں نہیں ہیں یعنی جن کا ذکر Federal list میں نہیں ہے وہ provincial subjects ہیں۔ ہم جس پر ابھی قانون سازی کر رہے ہیں یہ تو Federal list میں نہیں آرہا ہے۔ اس پر ہم کیسے قانون سازی کریں گے۔ ہم یہاں بیٹھے ہیں، دیکھیں ہم صوبوں کی نمائندگی کر رہے ہیں ، ہم کہیں بلوچستان، پشتون خواہ ان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ یہ قوموں کا نمائندہ ادارہ ہے تو لہٰذا یہاں ہمیں ان کے مفادات کا تحفظ کرنا چاہیے۔ قومی اسمبلی نے کیا ان کا اپنا ایک طریقہ کار ہوگا، وہاں جو تقسیم ہے یا وہاں جو سیٹیں ہیں یہاں تو سب equal ہیں، تمام صوبے equal ہیں۔ تو لہٰذا ہمیں ان کا بڑا خیال کرنا چاہیے، جو Federal list میں نہیں ہے ان پر ہمیں قانون سازی نہیں کرنی چاہیے، ان کو ہمیں Province کو بھیجنا چاہیے۔ Province ہی ان معاملات کو دیکھے۔

Mr. Chairman: Minister for Law and Justice.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ابڑو صاحب نے بھی کی تھی جہاں تک تو operations ہیں narcotic کے Law کے اندر مختلف operations وہ already devolved ہیں

اور صوبوں نے کئی جگہوں پر اپنا setup بنایا ہے۔ جو Ministry کی right sizing ہو رہی ہے اس میں بھی یہ جا رہا ہے لیکن جناب! دیکھیں یہ جو subject ہے یہ اس list کے حوالے سے یہ صوبوں کو نہیں جا سکتا because this is regarding the manufacturing and then export اور اس میں جو International conventions کے standards جو آپ کے بین الاقوامی ہیں Conventions Pakistan میں پارٹی ہے۔ ہم signatory ہیں اور ان protocols کے مطابق ہونا ہے۔ یہ جو authority کی حد تک Legislation ہے یہ Federal Government کا domain ہے۔ اس پر پچھلے چار پانچ سال میں یہ بحث کئی دفعہ ہو کر سمیٹی گئی تھی۔ آپ کی بات درست ہے کہ کچھ functions ہیں جو صوبوں کو جائیں گے، وہ not relatable to authority but relatable to narcotic division اس میں میں بالکل آپ کے ساتھ ہوں۔ اس میں ایک matter subjudice ہے ابھی Supreme Court میں، اس میں بھی کچھ چیزیں طے ہونی ہیں، جو صوبوں کی فورسز اور مرکز کی ہیں ان کا کہ Prosecution کون کرے گا اور کون چلائے گا اور جو local excise کے regulations ہیں جو کچھ ادھر آئے ہوئے ہیں، اس حد تک بالکل میری دوسری رائے نہیں ہے۔

لیکن جناب! یہ بل میں آپ سے استدا کروں گا کہ یہ ساری debate آج سے تین سال پہلے بھی ہوئی تھی، یہ debate ابھی بھی ہوئی، National Assembly میں بھی سارے صوبوں کی نمائندگی ہے، یہ سارے دوستوں نے جن کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے، چاہے ہمارے بلوچستان کی جماعتوں سے، انہوں نے یہ سارا دیکھ کے consent کر کے تو پھر پاس کیا تھا۔ تو میری یہ استدعا ہو گی جناب چیئرمین! کہ اس کو clause by clause لیا جائے۔ جو دوست insist کر رہے ہیں amendments پر ان پر میں اپنی رائے دے دوں تاکہ آج یہ process مکمل ہو جائے، بہت شکریہ۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں نے ابھی دیکھا ہے جو ان کا point ہے اور میرے خیال سے انہوں نے بڑا اہم point اٹھایا ہے۔ کیا یہ سارا topic واقعی Federal Legislative list میں ہے؟ کیوں کہ مجھے تو prima facie یہی لگتا ہے کہ یہ topic ہمارے اختیار سے باہر ہے، یہ صوبوں کا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: میرے خیال سے ہمیں اس کی debate...

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: Point ابھی raise کیا ہے اور مجھے کمیٹی کی report میں یہ نظر نہیں آیا۔

جناب چیئرمین: اس پر انہوں نے جواب دے دیا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: بہر حال میرا view on the record آ گیا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ Vienna Convention کے under چل رہا ہے۔ آپ کی state obligation ہے۔ ماشاء اللہ آپ مجھ سے بڑے senior ہیں، آپ مجھے بتائیں میں ہمیشہ آپ سے سیکھتا ہوں۔ جناب والا! یہ جو phase ہے، یہاں پر Federal phase رہے گا اور اسی کی obligation ہے، ان کے protocols ہیں اور انہوں نے آپ کو پابند کیا ہوا ہے۔

دوسرا، foreign exchange کے حوالے سے export کے mechanism پر یہ ساری activity ultimately, Commerce کے ساتھ مل کر ہو رہی ہے۔ جب یہ revenue generation کے لیے صوبوں میں جائے گا وہ اپنے

regulationsکے ساتھ کریں گے، اس authorityکے بننے میں کسی قسم کا کوئی ابہام نہیں ہے یہ معاملہ قومی اسمبلی میں بھی اٹھا تھا، پچھلی بار بھی اٹھا ہے۔ Satisfyہوئے تھے تو اس کو closeکیا گیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، شکریہ۔ ,notedجی۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب چیئرمین! میں کمیٹی میں گیا تھا، میں نے اس پر object کیا تھا کہ یہ...subject federal

جناب چیئرمین: جی، اس پر انہوں نے جواب دیا ہے۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: نہیں، میں پہلے Finance Committeeمیں گیا تھا،

I was invited by the Chairman.

جناب چیئرمین: یہ Finance Ministryکا نہیں تھا۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب والا! میں پہلے وہاں پر گیا تھا، وہاں پر discussionہوئی اور ہم نے یہی pointاٹھایا کہ ,it shall not extend to whole of Pakistan it shall be limited to federal territory because this subject is not in federal list.یہ پارلیمنٹ کا اختیار ہی نہیں ہے۔ So I am moving the amendment that it may be extended in Section-I that it may be extended to Islamabad Capital Territory.صوبے خود بنائیں گے پارلیمنٹ regulateکر ہی نہیں سکتا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ نے point of view دے دیا ہے۔ ٹھیک ہے میں نے سن لیا ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین ! میں اس کی وضاحت کر دوں؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ بات ختم ہونے دیں، میں نے آپ کو floor دیا، یہ کھڑے ہوئے ہیں۔ .you are reiterating the point انہوں نے سن لیا۔ آپ بتائیں۔

سینیٹر دنیش کمار: پوری دنیا میں provincial subject ہوتا ہے۔ میں Canada گیا تھا، ان کے ہر state کا الگ ہے، Ottawa کا الگ ہے۔ یہ چرس بیچارے غریبوں کا نشہ ہے چھوڑیں ہر صوبہ اپنی طرح سے قانون سازی کرے۔ ہمارے پاس بلوچستان میں تو truck drivers بھی چرس پیتے ہیں، چرس کے بغیر وہ truck drive نہیں کر سکتے۔ آپ صوبوں پر چھوڑیں کہ وہ قانون سازی کریں، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: Authority تو چلیں فرض کر لیں provincial subject authority بنانا نہیں ہے۔ اس کو کہہ لیں یہاں centre میں بنائیں گے۔ مگر اس میں جو members اور chairpersons ہیں، اس حوالے سے صوبوں کو آپ نے کہاں پر نمائندگی دی ہے۔

جناب چیئرمین: یہ ابھی آرہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب والا! ہماری کہیں پر presence تو رکھیں، by law رکھیں پھر ہم جا کر خیرات تو نہ مانگیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میری بات سنیں یہ Bill layہوا، سب کو noticeہوا، کمیٹی میں گیا every honourable member was at liberty کہ وہ کمیٹی میں جا کر attend کریں اور ان کی جو reservations ہیں وہ اٹھائیں۔ جناب! ایسے تو ہم پھر آئیں گے، اکٹھے ہوں گے اور بیٹھیں گے پھر اٹھ جائیں گے۔ Sir, this is not fareہمیں اپنے کمیٹی کے ممبران پر trust کرنا چاہیے، انہوں نے چھ گھنٹے لگائے ہیں۔ دو sessions ہوئے ہیں اور اس کے بعد انہوں نے یہ report lay کی ہے۔

جناب چیئرمین: نیشنل اسمبلی نے پاس کر دیا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: پھر تو it should be taken at once.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! وہاں سے پاس ہو کر آیا ہے اور یہاں سے بھی پاس ہوا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: وقت نہیں ہوتا۔ Bill نہیں پڑھا ہوا تو کئی چیزیں ہیں اس کی وجہ سے وہ ایسے جوابات دے رہے ہیں کیوں کہ ہم نے ایک ایک clause پڑھا ہوا ہے، ہم اس لیے خاموش ہیں۔

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted with one no. Clause 2, we may now take up the Second Reading of the Bill that is Clause by Clause consideration. There is an amendment in Clause 2, in the names of Senators Muhammad Tallal Badar and Khalil Tahir. Please move the amendment. Law Minister Sahib please note it.

Senator Khalil Tahir: Honourable Chairman! I, intend to move the amendment in [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], as reported by the Standing Committee under the Rules of Procedures and Conduct of Business in the Senate 2012.

Mr. Chairman: I, now move the amendment to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The amendment is adopted. The Question is that Clause 2 as amended, do form part of the Bill.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: آپ بھی ہیں؟آپ بھی move کریں۔ are you mover?

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: نہیں ایسے نہیں۔ If you are mover. آپ نے یہ ابھی لکھ کر دیا ہے، مطلب یہ ہے کہ you are not the mover. I was under the impression کہ آپ move کر چکے ہیں۔

The Question is that Clause 2 as amended, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Clause 2 as amended stands part of the Bill.

*(Interruption)*

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس میں word decision دو بار آیا ہوا ہے وہ typographical error آیا ہوا تھا، اس کو درست کیا جائے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر منظور احمد: آغا صاحب کے نام سے۔ ابھی بھی اس میں amendment نہیں آئی۔ ہم نے لکھا تھا کہ دو ممبرز قومی اسمبلی سے ہوں گے اور دو سینیٹ سے ہوں گے، ہماری amendment یہ تھی لیکن اس میں بھی ex-officio member لکھا ہوا ہے۔ اس میں ہم نے amendment تو جمع کروائی تھی۔

**جناب چیئرمین: جی وزیر قانون۔**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! میں بتاتا ہوں۔ آپ نے جو دو کا کیا تھا کہ دونوں ایوانوں سے ایک ایک ہو، .nominated by Chairman یہ جو amendment آئی یہی منظور ہوئی ہے اور دیکھیں جب یہ nominations ہوتی ہیں تو جو سینیٹر ہوگا وہی nominate ہوگا نا؟ Ex-officio اس لیے لکھا گیا ہے کہ as long as آپ سینیٹر ہیں، آپ اس کے ممبر رہیں گے the movement you retire as the Senator or MNA. A member you see to exist as member of the authority. تو یہ کوئی life long نہیں ہوتا، اس لیے by name نہیں ہے۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: This is a same amendment. There is no amendment in the Clauses 3 to 10. So, I will put these clauses as one question before the House.

اکثر جناب قائد حزب اختلاف صاحب کہتے ہیں آپ rule کو quote نہیں کرتے

so, that is under Rule 123 read with Rule 104. The question is that Clauses 3 to 10 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Clauses 3 to 10 stand part of the Bill. Clause 11. There is an amendment in clause 11. In the name of Senator Anusha Rahman Ahmad, please move the amendment.

اچھا، وہ بھی typo ہے۔

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف):** میں اس کی تھوڑی سی clarification کر دوں۔ Reading میں جو amendment clause 4 کی تھی، وہ 2 پڑھی گئی ہے۔ That may be read as 4.

Mr. Chairman: OK. That may be read as 4. So, there is no amendment in clause 11? I should not mention? OK. Clauses 12 to 17. Now it has become clauses 11 to 17. There is no amendment in clauses 11 to 17, So, I will put these clauses before the House as one question. The question is that clauses 11 to 17 do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Clauses 11 to 17 stand part of the Bill. Clause 18, there is an amendment in clause 18. Yes please. Please use your mic.

سینیٹر حامد خان: یہ sections ہیں یا اس کی sub clauses ہوتی ہیں۔ جی۔

(مداخلت)

سینیٹر حامد خان: نہیں لیکن۔

You mean sections may be read as clauses. Ok. Thank you.

Mr. Chairman: Section 18, there is an amendment in clause 18. In the name of Senator Anusha Rahman Sahiba, please move the amendment.

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: Honourable Chairman Sahib, I have basically moved this amendment suggesting that clause 18 may be …

جناب چیئرمین: مجھے آواز نہیں آرہی۔ ساتھ والا mic use کریں۔

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: Sorry. I was trying to be more submissive, so I decided to use Talal's mic. So anyways, honourable Chair, my proposal is that section 18 should be deleted in the same spirit that all the investments that come, or any revenues that come into the authority's name, they should not be kept with the authority or invested by the authority, rather should be transferred to the Federal Consolidated Fund. So, it is in this spirit that I have suggested to delete section 18.

Mr. Chairman: Minister for Law please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں نے ادب سے اسی لیے oppose کیا تھا کہ دیکھیں، ہم نے subject to Public Finance Management Act, 2019, لکھا ہے۔ جہاں پر انہیں space ملے گی، وہ اپنے اس کام میں invest کرنا چاہتے ہیں تو وہ کریں۔ یہ نہیں ہے کہ سب کچھ ہی وہاں جاتا جائے اور یہ ٹھیک ہے اور کمیٹی نے صحیح تجویز دی ہے کہ اس کو، میں provision پڑھ دیتا ہوں کہ subject to the Public Finance Management Act, 2019, یعنی اس کی provisions apply ہوں گی the authority may, اس میں تھوڑا سا room create کیا گیا ہے،

in so far as it's monies are not required to be expended under this Act, invest in Islamic savings account. I support the unamended version, with respect to my learned colleague, I oppose it.

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, do you support it.

سینیٹر سید شبلی فراز: We don't want any ambiguity in this particular clause. سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ہم کہہ رہے ہیں کہ Islamic bank میں ڈالیں اور آپ اس provision میں shall کا لفظ استعمال کریں

that it becomes obligatory. That is number 1.

**(مداخلت)**

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب ایک سیکنڈ۔ آپ نے خود کہا ہے کہ اس میں تھوڑی سی گنجائش پیدا کرنے کے لیے کہ آپ یہ بھی کر سکتے ہیں۔ اچھا اس House سے sense لے لیں کہ آپ نے یہ کہا ہے یا نہیں کہا ہے۔

جناب چیئرمین: دوبارہ پڑھ لیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Subject to Public Finance Management Act, 2019, آپ ساروں نے لکھا ہے۔ The authority may in so far as it's monies are not required to be expended under this Act, invest in Islamic account. یہ آپ authority کو discretion دے رہے ہیں۔ آپ سارا پیسہ تو ڈالیں گے، جب جو پیسہ بچا کر ڈالیں گے، وہ آپ اسی account میں ڈالیں گے۔ لیکن انہوں نے۔۔۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب، وہ investment ڈالیں گے نا۔ investment ایک چیز ہوتی ہے اور day to day affairs چلانا وہ subsequent question کی clause آرہی ہے۔

Senator Azam Nazeer Tarar: I support the provision as it is.

Senator Syed Shibli Faraz: Sir, we say that is should be made obligatory, that's number 1.

**(مداخلت)**

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں نہیں، اس کو obligatory بنائیں کیونکہ یہ clause ہم نے۔۔

**(مداخلت)**

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں جناب۔ اس کو آپ نے obligatory بنانا ہے کیونکہ ہم Islamic banking کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ یہ ہم کسی کی discretion پر نہیں ڈال سکتے کہ he may, I may go there. No sir. We want that it should be obligatory کہ آپ نے یہ سب Islamic Baking کو دینی ہے۔

جناب چیئرمین: کمیٹی میں اس پر کیا فیصلہ ہوا تھا؟

سینیٹر سید شبلی فراز: دیکھیں جناب۔ بات یہ ہے کہ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: پلیز جناب، تھوڑا سا generous بنیں۔ ہمیں بولنے دیں۔

Mr. Chairman: Please address the Chair.

سینیٹر سید شبلی فراز: ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ word قانون۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ شیری درمیان میں آ گئی ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: ہاں جی، وہ ہمیشہ کا وہ ہے جی۔ اچھا، جناب! ہمارا مقصد یہ تھا کہ جو drafting ہے، جیسا کہ میں اس House کی Finance Committee میں بھی اور مختلف جگہوں پر بھی یہ کہہ چکا ہوں کہ ہماری drafting بہت poor ہے۔ نتیجتاً کیا ہوتا ہے کہ ایسے gaps یا loopholes نالائقی یا بدنیتی کی وجہ سے چھوڑے جاتے ہیں، یہ پھر اس میں کھیلتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہماری courts میں cases ہوتے ہیں اور اسی لیے چیزیں آگے نہیں بڑھتیں۔

ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کے پیچھے spirit کیا ہے۔ ہم Islamic banking کو فروغ دینا چاہتے ہیں اور ,being an Islamic country ہم Islamic banking جو کہ اب ماشاءاللہ بہت بڑھ گئی ہے، اسی House میں اتفاق سے میں نے ہی یہ Resolution pass کروائی تھی کہ 30 percent of investments of the government should be made in Islamic banks. وہ بھی آپ کے record میں ہی ہے۔ یہ ہو گیا نمبر ا۔

اگلی clause 19 جہاں bank accounts لکھا ہے، اس میں بھی ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ,subject to the Public Finance Management Act, 2019 the authority may open, again اس may پر مجھے اعتراض ہے، may open and maintain its accounts in rupees or in any

کے بجائے ہم کہہ رہے ہیں foreign currency at such scheduled banks
کہ Islamic banks as it may from time to time determine.

تو ہم اس میں یہ amendment ڈالنا چاہتے ہیں جو bank accounts ہیں وہ بھی Islamic banks میں کھولے جائیں اور یہ obligation ہو، یہ نہیں ہے کہ choice ہو۔

May is like you keep it open. Is it correct Barrister Sahib? So, we don't want to keep…

*(Interruption)*

Senator Syed Shibli Faraz: I am not finished yet Minister Sahib. Why are you so impatient? I don't know why you are so impatient.

تو بات یہ ہے جناب کہ ہم نے چیزوں کی spirit کو follow کرنا ہے۔ ہم نے یہاں صرف total نہیں پورا کرنا۔ آغا صاحب! آپ کو یاد ہے کہ جب ہم یہ amendment کر رہے تھے تو ہماری understanding یہ تھی کہ، because you know we are not lawyers, but thanks that now the Law Minister himself said کہ جی یہ may ہے اور ان کو گنجائش دی جائے کہ اگر وہ یہ کرنا چاہیں تو۔

ہماری کمیٹی کی recommendation اس spirit کے ساتھ تھی کہ یہ obligatory ہوگا کہ جو بھی funds ہوں گے وہ Islamic bank میں، ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ کون سا Islamic bank, ہم کہہ رہے کہ Islamic bank میں وہ account جو day to day running کے لیے ہوں گے اور جو بھی investments کی جائیں گی وہ Islamic instruments میں کی جائیں گی۔ ہم تو صرف یہ کہہ رہے ہیں اور اس کو ہم ensure کرنا چاہ رہے ہیں۔ یہ ہماری گزارش ہے اور اگر اس پر انہیں اعتراض ہے تو وہ بالکل کہہ سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: وزیر قانون، اس کا جواب دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب، بڑے ادب سے کہنا پڑے گا کہ، آغا صاحب ایک سیکنڈ، میں آپ کے ہی۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ section جو Bill کی clause 19 ہے، شبلی فراز صاحب اس کی بحث clause 18 میں کر رہے ہیں۔ میں جو بات سمجھانا چاہ رہا ہوں، Leader of the Opposition آج ذرا سخت موڈ میں ہیں، انہوں نے اگلی clause کی ساری بحث اٹھارہ میں کر دی ہے اور الزام مجھ پر دھرا ہوا ہے کہ مجھے پتا نہیں ہے۔ میں آنکھیں بند کرتا ہوں اور آپ مجھ سے clause پوچھ لیں کہ کون سی کہاں پر ہے۔ جناب اس طرح کی sweeping statements نہ دیا کریں، آپ کا منصب بہت بڑا ہے۔ آپ ہمارے لیے بہت محترم ہیں۔ آپ Leader of the Opposition ہیں۔ آپ اس چھوٹے بھائی کے بارے میں روز ایک فتویٰ جاری کر دیتے ہیں کہ اسے یہ نہیں پتا۔ میں دونوں clauses پڑھ دیتا ہوں، آپ نے جو بحث کی ہے وہ clause 19 پر کی ہے۔ ابھی جناب clause 18 under discussion ہے، میں یہی پڑھنا چاہتا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب میں اٹھارہ پڑھتا ہوں اور بتاتا ہوں کہ ایسا کیوں ہے۔

جناب چیئرمین: Law Minister صاحب! کامل علی آغا صاحب کی request ہے کہ انہیں سن کر آگے بات کریں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی، بسم اللہ۔ آغا صاحب آپ پہلے بات کر لیں۔

جناب چیئرمین: جی کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا: کہ یہ باایمان بات ہے۔ اس میں ایک بات پر آپ غور نہیں فرما رہے۔ اس میں ہم نے Islamic saving accounts لکھا ہے۔ یہ تجربے کی بات ہے کہ میں چونکہ ایک چھوٹا سا وکیل بھی ہوں اور کاروباری حضرات کے ساتھ بے شمار تعلق اور banking شعبے کے ساتھ بے شمار رابطوں کے بعد یہ بات تجربے میں آئی ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ Islamic banking کے اندر amount and investment کی ایک security ہے۔ تارڑ صاحب نے جو saving bank account کی بات کی ہے، وہ اس لیے کی ہے کہ تجربے کی روشنی میں current accounts وہ deposit کروانے کے لیے officials کی طرف سے بھاری commissions لی جاتی ہیں، میں معذرت کے ساتھ یہ عرض کر رہا ہوں۔ Political لوگوں کو بھی فیصلہ کرنے کے لیے دی جاتی ہیں کہ فلاں بینک میں فلاں طریقے سے current account میں کروائیں، سارا فائدہ بینک کو ہوتا ہے، کسی محکمے یا ادارے کو نہیں ہوتا۔ اس ملک میں اس طرح کتنے بڑے گھپلے ہو چکے ہیں کہ الزام در الزام اور litigation چلتی ہے، اس ساری amount کے اوپر seizure لگ جاتا ہے اور پھر وہ کسی کام نہیں آتی۔ اس لیے saving accounts اور وہ بھی Islamic banking میں، یہ ہمارا ایک آئینی فیصلہ بھی ہے کہ ہم نے Islamic banking کی طرف جانا تھا، دس سال کی پابندی تھی، یہ 1973 کے آئین کا فیصلہ تھا، آج کتنا عرصہ گزر گیا۔ یہ اُس طرف ایک اچھا initiative ہوگا، ہماری حکومت کی آئینی ذمہ داری میں ایک قدم ثابت ہوگا اور پھر جب یہ saving account ہوگا تو اس میں commission والا رولا ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

Mr. Chairman: Minister for Law.

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law): I categorically stated that I fully support.

*(Interruption)*

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی اس میں saving آیا ہوا ہے۔ میں بات سمجھا نہیں پا رہا۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اخراجات نکالنے کے بعد جو

انہوں نے amounts ہوں گی، وہ saving accounts میں ڈالیں گے۔ انہوں نے expenditure کو منہا کر کے ہی ڈالنا ہے۔ آپ نے نیچے Clause 19 والی میں کہا تھا، وہ sense بنتا ہے،, Clause 18 in its present form بالکل ٹھیک cater کرتی ہے۔ انہوں نے ساری money تو اُدھر نہیں ڈالنی۔ Two different sections ہیں، میں Clause 18 and 19 باری باری پڑھ دیتا ہوں۔ Subject to Public Finance Management Act, 2019. The Authority may in so far as its monies are not required to be expended under this act, یعنی وہ اس expenditure میں نہیں ہیں۔ Invest in Islamic saving accounts, no problem with this. As it is, آگے آ جائیں، 'shall' آگے آئے گا، یہاں انہوں نے اخراجات نکال کر may اس لیے۔ میں اسے اسی صورت میں support کروں گا۔

آگے آپ Clause 19 کو دیکھ لیں،

Bank accounts, subject to Public Finance Management Act, 2019. The authority may open and maintain its account in rupee or in any foreign currency as such scheduled banks as may deem from time to time,

کو اگر آپ Islamic کے ساتھ substitute کرنا چاہتے ہیں کہ سارا وہاں پر ہو، وہ بھی کر دیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہاں پر یہ facility نہ ہو۔ آپ نے اوپر Islamic Saving Account کا لکھ دیا ہے، وہ ان پر mandatory اس لیے ہے کہ انہوں نے اخراجات نکال کر کرنا ہے۔ میں آپ سے یہ استدعا کروں گا کہ let it be put for vote, in its present form جو کمیٹی نے بھیجی ہے، Clause 18 کو۔ Clause 19 میں اگر یہ کچھ کرنا چاہتے ہیں، ویسے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ جب وہ Clause 18 میں دے رہے ہیں تو Clause 19 میں بھی دیں گے لیکن اگر آپ ان کے ہاتھ باندھ دیں گے، کل کو legal complication

آئے گی کہ پہلے سارے کا سارا پیسا Islamic bank میں جانا ہے، ان کے جو expenditures ہیں وہ نہیں نکلنے، جناب والا! after deduction وہ جانا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وہ Clause 18 میں ہی ہے، اسے رہنے دیں،

let it put for vote sir.

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب والا! پہلی بات تو ہے کہ جس طرح وزیر قانون وکیل ہیں، ظاہر ہے وکالت ان کا strength point ہے، ہم جیسے چھوٹے لوگ، ہم bankers رہ چکے ہیں، ہم نے finance میں international markets میں کام کیا ہے، میں investment banker رہا ہوں، آغا صاحب کا بھی تعلق ہے۔ ہم جو بات کر رہے ہیں، یہ نہیں سمجھ رہے because finance کی سمجھ نہیں ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب والا! میں نے آپ کو acknowledge کیا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں آپ کی عزت کرتا ہوں، میں ادب سے بات کرتا ہوں، کبھی آپ کہتے ہیں کہ پڑھے نہیں ہیں، پرسوں آپ نے فتویٰ دیا کہ انہیں قانون کا نہیں پتا، آج آپ finance کی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ subject to the public finance. دیکھیں ہم پورے Bill کو pass کر رہے ہیں، اگر ایک، دو amendments آگئی ہیں تو آپ کیوں سیخ پا ہو رہے ہیں، آپ سیخ پا نہ ہوں، اس کو personally نہ لیں۔ ہم اس کو بہتر بنا رہے ہیں۔ Clause 18 کی بات ہو رہی

subject to the Public Finance Management Act, 2019. ہے،
The authority may اور سچی بات ہے کہ 'may' کا اس وقت ہمارے ذہن میں نہیں تھا
کیونکہ میں وکیل تو نہیں ہوں لیکن ابھی جب انہوں نے بات کی تو اس سے مجھے یہ ہوا کہ word
'may' بڑا discretionary ہے، you may or you may not, whereas
Islamic Saving Bank ہم نے we now want to put 'shall'.
Accounts کا اس لیے کہا ہے کہ جب یہ ہوتا ہے کہ آپ کا excess cash ہوتا ہے، آپ کی
excess liquidity ہوتی ہے وہ آپ different instruments of invest,
be at the scheduled banks, be at the investment banks
کرتے ہیں، آپ کسی میں بھی کر سکتے ہیں۔ اسی لیے ہم یہ کہہ رہے ہیں چونکہ ہم نے اس کی ایک
ایک clause کی amendment کی ہے اور ہمیں پتا ہے کہ ہم نے raise کیا تھا کہ آپ
loan نہیں لے سکتے ہیں۔ اس میں پہلے تھا کہ authority can mortgage
property, loans لے سکتی ہے۔ ہم نے کہا کہ already ہمارے ملک پر بہت قرضے ہیں،
آپ انہیں قرضے والے نہ کریں۔

اگر spirit وہی ہے، اگر ہم نے چھ گھنٹے فضول میں گزارے ہیں، آپ نے بغیر کچھ کیے ہوئے اس کو pass کرنا ہے۔ میرے جتنے بھی ساتھی ہیں، جو علما یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، ہماری کوشش یہ ہے کہ Islamic banking کا فروغ ہونا چاہیے، ہماری economy کو Islamic اصولوں پر طے ہونا چاہیے، ہمارے قرآن شریف میں لکھا ہوا ہے کہ اگر آپ سود کا کاروبار کرتے ہیں تو آپ نے میرے خلاف کھلا جہاد کر دیا۔ ہم تو بہت کمزور لوگ ہیں، ہم کیسے اس بات کو کر سکتے ہیں، ہم تو جیسے کہتے ہیں کہ ایک چھوٹا سا حصہ ڈال رہے ہیں، جس میں ہم کہہ رہے ہیں کہ excess liquidity Islamic banks میں ڈالی جائے اور جو accounts ہیں، ان میں restriction کیا آ گئی؟ میرا یہ point تھا کہ ہم اس کو اس لیے زیادہ سمجھتے ہیں کیونکہ ہمارا یہ profession رہا ہے۔ آپ اسے personally نہ لیں، اگر آپ کی کوئی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معذرت کرتا ہوں، یہ مقصد ہر گز نہیں ہے۔ آپ sensitive ہوئے ہیں، یہ اور بات ہے

لیکن ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس میں word ‘shall’ add کیا جائے اور Clause 19 پر ہم بعد میں آئیں گے۔ شکریہ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں اپنے بڑے بھائی Leader of the Opposition کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یہ سمجھا، میری دل آزاری نہیں ہوئی، میں نے صرف اپنا احتجاج record کروایا تھا۔ No such amendment has been moved, ہم تو حدِادب، Leader of the Opposition سر آنکھوں پر، میں نے اپنی عقل اور سمجھ کے مطابق، باقی دوستوں سے مشاورت کر کے دوبارہ اپنے جواب کی تصحیح مانگی ہے، Finance کے لوگوں سے بھی پوچھا ہے۔ اس scheme of things میں یہ provision بالکل ٹھیک ہے، انہوں نے بچے ہوئے جو پیسے invest کرنے ہیں وہ وہیں پر جائیں گے۔ دوسرا کئی مرتبہ کسی شہر میں، کسی جگہ پر، کسی ملک میں Islamic banking کی branch available نہیں ہوتی تو اتنی سی space نیچے والے روزمرہ کے اخراجات کی انہیں دی ہوئی ہے۔ Sir, I would request to the Chair to put the clause for vote so that the matter may be closed. بڑی اچھی بحث ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: میں ایوان سے کہوں گا کہ میں نے پہلے بھی بحث کروائی، پھر ہم نے اسے کمیٹی میں بھیجا، کمیٹی میں بھی اس پر threadbare discussion ہوئی، discussion کے بعد آج پھر اِدھر آیا ہے، اِدھر بھی discussion کروائی گئی۔ جو Chairman ہوتا ہے he is neutral, he has to take the sense of the House. میرے پاس اس کے بعد کوئی option نہیں ہے،

I have to put to the House. The question is that Clauses 18 to 35 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 18 to 35 stand part of the Bill. Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. We may

now take up Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. Do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The preamble and the Title stands part of the Bill. Minister Incharge may move Order No.7.

Senator Azam Nazeer Tarar: I wish to move that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], be passed.

Mr Chairman: It has been moved that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], be passed.

*(The Bill was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed. Order No.8, there is Calling Attention Notice at Order No.8 in the name of Senator Zeeshan Khan Zada, please raise the matter.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب! آپ کا شکریہ۔ جناب! اگر باقی ممبران جن کا Calling Attention Notice ہے، ان کو اعتراض نہ ہو تو میں چاہوں گا کہ اس کو بے شک postpone کر دیں۔ ہمارے اراکین ایک اور issue پر بات کرنا چاہ رہے تھے۔

جناب چیئرمین: آپ بات کریں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: نہیں، اگر دوسرے ارکان agree کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں اپنا Calling Attention Notice move کرتا ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وزیر برائے پٹرولیم آپ کے لیے آئے اور وہ بیٹھے رہے۔ جناب! آج Cabinet ہے اور ان کے Cabinet میں items 4 تھے، وہ اجازت لے کر گئے ہیں تو اس کو کل یا اگلی proceedings کے لیے رکھیں تو وہ آ جائیں گے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی کل کر لیں گے۔

Mr. Chairman: Yes, Parliamentary Leader from the PTI, he has already on the Point of Public Importance, your Leader is on the point of Public Importance.

سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب نے Point of Public Importance کا کہا، اس سے زیادہ important ہے۔ Yes, please آپ بات کریں۔

## Point of order raised by Senator Syed Ali Zafar regarding arrest of Parliamentarians from Parliament House

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ ہم نے کہیں پڑھا تھا کہ پاکستان میں ایک آئین ہے اور آئین کے تحت ایک پارلیمنٹ ہے اور پارلیمنٹ کا ایک تقدس ہے۔ جناب! یہ بھی پڑھا تھا کہ آئین کے تحت آزادی تقریر ہے، اظہار رائے کی بھی آزادی ہے، میڈیا کو بھی آزادی ہے اور اجتماع کی بھی آزادی ہے۔ یہ بھی سنا تھا کہ آئین کی بالادستی کا ایک تصور ہے، قانون کی حکمرانی ہوتی ہے اور انصاف ہوتا ہے۔ ہمیں یقین تھا کہ پاکستان میں جو سارے حقوق ہیں جو ساری آزادیاں ہیں، ان کو حاصل کرنے کے لیے ایک اور بہت بڑی آزادی ہے اور وہ احتجاج کی آزادی ہے، the right to protest ہے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ یہ right to protest ہمارے ہی آباؤاجداد نے استعمال کیا اور پاکستان بنایا۔

جناب چیئرمین! آپ جس پارٹی سے منسلک ہیں، اس پارٹی نے اسی حق کو استعمال کر کے آمریت اور مارشل لاء کے خلاف کامیابی سے جنگ لڑی۔ اسی حق کی وجہ سے جو احتجاج کرنے کی آزادی ہے۔ میری نظر میں پاکستان عظیم ہے لیکن 9 ستمبر کو جو ہوا جس طرح احتجاج کی جرأت کرنے والے ہمارے اراکین جو پارلیمنٹ کے رکن ہیں، ان کو گرفتار کیا گیا۔ پارلیمنٹ کے احاطے سے ڈھونڈ، ڈھونڈ کر گرفتار کیا گیا۔ وہ آج جمہوریت، انسانیت، آئین اور میں جس احتجاج کے حق کی بات کر رہا ہوں، اس کے تابوت میں آخری کیل ہے۔ مجھے افسوس اور حیرانی ہوتی ہے کہ میرے دوست جو دوسری side پر بیٹھے ہیں اور ان کے قائدین اس چیز کے ذمہ دار ہیں۔

جناب! یاد رکھیں کہ انگریزی کا ایک محاورہ ہے کہ "what goes around, comes around" میں ذاتی طور پر اس دن سے ڈرتا ہوں کہ جب آپ کو بھی اس سب کچھ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ آپ کا جو احتجاج کرنے کا حق ہے، اس کی وجہ سے بڑے شرمناک طریقے سے گرفتار نہ کیا جائے، شاید آپ اس دن میری باتیں یاد کریں گے۔ جناب! پارلیمنٹ مقدس ہے، خود مختار ہے، آئین سازی اور قانون سازی کا ادارہ ہے۔ اس کی عمارت اور احاطہ بھی ایک مقدس جگہ ہے۔ ہم جو اراکین اسمبلی اور سینیٹرز ہیں اور Parliamentarians ہیں، ہمیں آئین محفوظ رکھتا ہے، ہم دوسرے لوگوں کی حفاظت کے لیے قانون سازی کرتے ہیں لیکن افسوس ناک بات یہ ہے کہ ہمیں ہی اس نام نہاد جمہوری حکومت نے پکڑ پکڑ کر بری طرح ذلیل کر کے گرفتار کیا۔ ہمارے Custodian Speaker ہیں، ان کی موجودگی کے باوجود جنھوں نے جس طرح بھی کیا ہے کہ پارلیمنٹ تم لوگ بے کار ہو، تمہاری کوئی عزت نہیں ہے، تم لوگ کیا کرتے ہو، قانون سازی کرتے ہو، اپنے آپ کو sovereign کہتے ہو، اپنی اوقات دیکھ لو۔

جناب! جو 9 ستمبر کو ہوا، وہ میری نظر میں پاکستان کی پارلیمانی تاریخ میں وہ ایک سیاہ ترین، شرم ناک اور قابلِ مذمت دن ہے۔ اپنے حقوق کے لیے احتجاج کی جو آزادی ہے، اگر آپ اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ طاقت، اختیار اور ظلم کے استعمال سے آپ لوگوں کو دبا سکتے ہیں، ان کو خاموش کر سکتے ہیں، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ عوام بھیڑ، بکریاں ہیں جس طرح چاہیں ان پر

راج کریں۔ پھر یاد رکھیں کہ ہمیں تاریخ کچھ سکھاتی ہے، ہمیں تاریخ یہ کہتی ہے کہ پھر لاوے کا پہاڑ پھٹ پڑے گا پھر انقلاب آ جائے گا، پھر انقلاب کے لیے تیار ہو جائیں۔

جناب! عمران خان صاحب نے ہمیں (PTI) کو بڑی وضاحت سے ہدایت کی ہوئی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ آپ نے Rule of Law اور قانون کی حکمرانی کے لیے کھڑے ہوتے رہنا ہے اور کھڑے رہنا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جو احتجاج کا استعمال ہے، آپ نے پرامن طریقے سے کرنا ہے۔ ہم نے اس ہدایت کے مطابق ہر صورت حال میں قوت برداشت کا مظاہرہ کیا لیکن ہماری قوت برداشت کو بزدلی نہ سمجھا جائے۔ جناب چیئرمین! حکومت کو شاید غلط اندازہ ہے، ان کو غلط فہمی ہے، ان کا خیال ہے کہ طاقت کے اختیار اور تشدد کے استعمال سے وہ بہادر بن جاتے ہیں لیکن بہادری اور بزدلی میں بہت بڑا فرق ہے، جو بزدل ہوتا ہے جب ان کے پاس طاقت اور اختیار آتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ میں بہادر ہوں لیکن جو دلیر ہے وہ کسی طرح غیر مسلح ہو کر بھی لوگوں کے حقوق کے لیے بڑی دلیری اور بہادری سے لڑتا ہے، بہاردی اور بزدلی میں یہی فرق ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: اب ہماری قوت برداشت کو جو سمجھ رہے ہیں کہ بزدلی ہے سمجھنا بند کردیں۔ آپ غیر آئینی طریقے سے بے بنیاد FIRs ہمارے خلاف فائل کرتے ہیں۔ آپ ہمیں احتجاج کرنے سے روکنے کے لیے گرفتار کرتے ہیں۔ آپ کنٹینرز لگا دیتے ہیں، اتنے خوف زدہ ہیں کہ انٹرنیٹ کو بند کر دیتے ہیں، tear gas پھینکتے ہیں، احتجاج کی جو آزادی ہے اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ ایک بہادری ہے اصل میں یہ وہی بزدلی ہے جو بزدل سمجھتا ہے چونکہ میرے پاس طاقت ہے، اختیار ہے تو میں بہادر ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ کو میں بتاؤں کہ یاد رکھیں، قوموں کے حقوق کے لیے جو کھڑے ہوتے ہیں، وہ دہشت گرد نہیں، وہ غدار نہیں وہ اپنا آئینی حق استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ جناب والا! آج میں نے جس طرح کہا کہ عمران خان صاحب نے ہمیں کہا تھا کہ پُرامن رہنا ہے، احتجاج کرنا ہے لیکن کسی قسم کی توڑ پھوڑ نہیں کرنی، قوت برداشت کرنی ہے اور ہم برداشت کرتے رہے ہیں لیکن ہماری قوت برداشت کو سمجھا جارہا ہے کہ بزدلی ہے۔ اب ہمارا صبر جو ہے وہ عروج پر پہنچ گیا ہے، پاکستانیوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے، let me warn you that

Revolution is happening as we speak اور جب یہ وقت آتا ہے تو پھر کوئی بھی محفوظ نہیں رہتا سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ وقت جب آتا ہے تو عوام پھر خود ہی راستہ نکالتی ہے، نہ صرف پارلیمنٹ رہے گی، نہ پارلمینٹیرین رہیں گے، نہ سپریم کورٹ رہے گی، نہ اور کوئی ادارہ رہے گا، کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا سب irrelevant ہو جائیں گے۔

اس دن کا انتظار کر رہے ہیں کیونکہ آپ احتجاج کے حق کو ختم کر رہے ہیں۔ آج میں آپ سب کو دعوت دے رہا ہوں، میں آپ کو کہتا ہوں کہ آپ اپنی آزادی کے لیے اور حقوق کے لیے ہمارے ساتھ احتجاج میں شامل ہو جائیں یا پھر اپنی زنجیروں میں جکڑیں رہیں یا پھر اپنی آزادی کی خود ہی خود کشی کر لیں۔ جناب! یہ جو احتجاج کا حق ہے یہ ایک حق ہے جس کا احترام اس ایوان کے ہر فرد کو کرنا ہے جس کی حفاظت ہر شخص کی ذمہ داری ہے، جیسے میں نے کہا اسی کی وجہ سے پاکستان عظیم ہے لیکن ہم اس کو توڑ پھوڑ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! عمران خان صاحب کا ایک بہت بڑا اہم پیغام ہے قوم کے لیے جو آج میں دینا چاہتا ہوں، انہوں نے کہا ہے احتجاج کا جو ہمارا حق ہے، لاہور کا جلسہ ہر صورت میں کریں گے چاہے اس کا NOC ہو یا نہ ہو، بہت ہو گیا برداشت اور طاقت کا استعمال ہمارے خلاف، اب لاہور کا جلسہ کریں گے۔ جناب! ان کا دوسرا پیغام پوری قوم کے لیے یہ ہے کہ اب اپنے حق کو حاصل کرنے کے لیے آئین اور قانون کی بالادستی کے لیے بہادر بن جاؤ، سڑکوں پر نکل آؤ اگر آپ کے خلاف بے بنیاد FIRs ہوتی ہیں، اگر آپ کو گرفتار کیا جاتا ہے صرف اس لیے کہ آپ اپنا آئینی حق استعمال کر رہے ہیں تو فکر نہ کرو انہوں نے کہا کہ میں بھی ایک سال سے زیادہ عرصہ اس لیے گرفتار ہوں کہ میں قوم کے آئینی حق کے لیے لڑ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! جب سے یہ واقعہ ہوا ہے حکومت کے وزیر جو اسمبلی کے ممبرز بھی ہیں سب اس کی معذرت کر رہے ہیں کہ بہت بُرا ہوا لیکن یہ acceptable نہیں ہے، یہ پارلیمنٹ، پی ٹی آئی کو اور ہمیں acceptable نہیں ہے، صرف یہ کہنا کہ جناب! ہماری حکومت ہے، ہماری حکومت نے پارلیمنٹ پر حملہ کرکے آپ کے لوگوں کو گرفتار کیا وہ بھاگتے اور چھپتے پھر رہے تھے ان کو گردن سے پکڑ پکڑ کر باہر نکالا، ہم معذرت کرتے ہیں یہ enough نہیں ہے یہ sufficient

نہیں ہےacceptable نہیں ہے صرف ایک چیز acceptable ہے کیونکہ حکومت کے سربراہ اس وقت Prime Minister ہیں اور ان سے نیچے Minister of Interior ہیں ان دونوں میں سے کسی کو معذرت کے ساتھ استعفیٰ بھی دینا پڑے گا۔ یہ ہماری demand ہے۔

آخری پیغام یہ ہے کہ مجھے ابھی تھوڑی دیر پہلے اطلاع ملی کیونکہ عمران خان صاحب کے اوپر ایک بار پہلے بھی حملہ ہوا، assassination attempt ہوئی ہے اور جب انہوں نے call دی تھی جو جلسہ 8 ستمبر کو جس میں پوری قوم باہر نکل آئی تھی اس کے خوف سے ان کو پھر threats مل رہی ہیں، زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے لیکن یہ warning انہوں نے کہا ہے کہ اس ایوان میں دے دوں اور یہ پیغام میں پہنچا رہا ہوں۔

جناب! آخری بات یہ ہے کہ ہم پی ٹی آئی عوام کے لیے ان کے حقوق اور آزادی کے لیے کھڑے ہیں، آپ کو میں آخری بار پھر سے دعوت دیتا ہوں کہ ہمارے ساتھ اس معاملے میں شامل ہوں، پارلیمنٹ کے تقدس کے لیے اکٹھے کھڑے ہوں، جمہوریت کے لیے ہمارے ساتھ کھڑے ہوں کیونکہ یہ چیز ہم نے ساتھ لڑنی ہے، اس چیز کو یہ نہ treat کریں کہ ہمارا نقصان ہوا ہے، نقصان ہم سب کا ہو گیا۔ آخری بار میں آپ کو یہ کہوں گا اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو پھر آپ کا ضمیر آپ کی مرضی۔ شکریہ!

Mr. Chairman: Parliamentary Leader of Pakistan Muslim League (N), Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui sahib.

جواب نہیں وہ کل سے time مانگ رہے ہیں میں نہیں دے سکا۔ I am sorry, please

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! سینیٹر سید علی ظفر صاحب کی ماشاءاللہ بڑی شُستہ اور شائستہ گفتگو سننے میں آئی اور انہوں نے جن concerns کا اظہار کیا وہ واقعی بہت سنجیدہ ہیں۔ مجھے توقع ہے کہ جس انہماک، توجہ، خاموشی اور جس دلچسپی کے ساتھ آپ کی گفتگو سنی گئی، اسی کا مظاہرہ آپ کی طرف سے بھی ہو گا۔ شکریہ۔

جناب عالیٰ! پہلی بات تو یہ ہے کہ جو واقعہ دو دن پہلے یہاں ہوا میں اس کی مذمت میں پوری طرح شریک ہوں۔ ایسے واقعات نہ کسی حکومت کے ماتھے کا جھومر بنتے ہیں، نہ جمہوریت کے لیے کوئی نیک فال ہوتے ہیں، نہ پارلیمنٹ کا قد اونچا کرتے ہیں، نہ کسی کی سیاست کی کلغی بنتے ہیں، وہ داغ ہی رہتے ہیں اور وہ داغ بڑی دیر تک رہتے ہیں، دھلتے نہیں ہیں لہٰذا میں اس کی مذمت کرتا ہوں اور اس کی پوری تحقیقات کا جناب سپیکر نے حکم دے دیا ہے، کمیٹی بن گئی ہے جس میں دونوں طرف کے لوگ شامل ہیں، اپوزیشن کے لوگ بھی شامل ہیں اور Treasury Benches کے لوگ بھی شامل ہیں، تحقیقات ہونی چاہییں، سراغ لگنا چاہیے اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جانا چاہیے، یہاں تک میں ان کے ساتھ agree کرتا ہوں۔

علی ظفر صاحب نے آئین کا حوالہ دیا اور انہوں نے گفتگو ہی یہاں سے شروع کی کہ پاکستان میں ایک آئین ہے۔ میں انہیں یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ آئین 1973 سے موجود ہے اور یہ آئین 2018 میں بھی موجود تھا اور یہ آئین 2019 میں بھی موجود تھا اور 2021 ,2020 اور 2022 میں بھی موجود تھا۔ میں اپنی ذات کا ذکر نہیں کرتا لیکن یہ آئین اس ملک کے اوپر ایک چھت کی طرح تنا ہوا تھا جب 27 جولائی کو، آدھی رات کے وقت مجھے گھر سے گھسیٹ کر نکالا گیا۔ گھر بھی اتنا ہی مقدس ہوتا ہے، پارلیمنٹ بھی اتنی ہی مقدس ہوتی ہے، میری بیوی باہر نکلتی ہے، پولیس کے دھکے کھاتی ہے، اس کی کہنی پر آج تک زخم ہے۔ میری بیٹی پر آج تک چوٹ کے نشان ہیں، ہم یہ باتیں بیان نہیں کرتے۔ یہ 1973 کا آئین اس وقت بھی موجود تھا، حقوق بھی موجود تھے، آزادی اظہار بھی موجود تھا۔ مجھے 70/75 سال کی عمر میں ہتھکڑی لگا کر کھڑا کر دیا گیا، یہ میں اپنی کہانی بیان کر رہا ہوں، اس ایوان میں شاید کوئی اور لوگ بھی موجود ہوں۔ کاش اس وقت کوئی آئین کی آواز اٹھاتا، کاش آپ ہی اٹھ کر کہتے کہ یہ بہت غلط ہوا ہے، کسی نے نہیں کہا۔

جناب چیئرمین! ہم تو اس چیز کی مذمت کر رہے ہیں، PTI کے ایک وزیر کا بھی مجھے فون نہیں آیا کہ صدیقی صاحب یہ بہت غلط ہوا۔ مجھے ہتھکڑی لگا کر 8 x 8 فٹ کے اس کمرے میں ڈالا جہاں پہلے سے چھ قیدی پڑے تھے، ساتواں میں تھا اور میرے سرہانے ایک کموڈ پڑا تھا جو غلاظت سے بھرا ہوا تھا۔ ہم انہیں کیا کیا کہانیاں سنائیں۔ یہ 1973 کا آئین موجود تھا جس کا حوالہ آج آپ دے

رہے ہیں، یہ آج نازل نہیں ہوا۔ آج آپ کہتے ہیں کہ what goes around, comes around یہ تو آپ پر صادق آ رہا ہے، ہم پر صادق نہیں آیا۔ ہم نے وہ قرض بھی ادا کیے ہیں جو ہم پر واجب ہی نہیں تھے، ہمیں تو آپ نے بے قصور ہی دھکیل دیا۔ کسی پر چرس ڈال دی، کسی پر بھنگ ڈال دی، کسی پر ہیروئن ڈال دی۔ کون سا اپوزیشن لیڈر تھا جو اس وقت جیل سے باہر تھا۔ کوئی ایک بھی نہیں تھا، سب کے سب اندر تھے، کسی کو نیب نے پکڑا ہوا تھا، کسی کو نشے میں پکڑا ہوا ہے، کسی کو کرائے داری میں پکڑا ہوا ہے، کوئی غداری میں پکڑا ہوا ہے۔ یہ آپ کی روایات ہیں، یہ وہ فصل ہے جو آپ نے بوئی ہے، ہم نہیں کہتے کہ وہ فصل آپ کو کاٹنی چاہیے۔ ہم ہر اس غلط بات پر احتجاج کریں گے جو ہو رہی ہے۔

پھر آپ نے قائداعظم کا حوالہ دیا کہ قائداعظم نے جمہوریت کا درس دیا اور یہ وطن جمہوری طریقے سے حاصل کیا۔ مجھے بتائیں قائداعظم نے کتنے دھرنے دیئے تھے۔ قائداعظم نے ہندو سامراج کا مقابلہ کیا تھا، انہوں نے انگریز سامراج کا مقابلہ کیا اور دلیل سے مقابلہ کیا، بات سے کیا اور اپنے حسن کردار سے کیا۔ کتنے دھرنے دیے، انہوں نے کتنے لانگ مارچ کیے؟ وہ کتنے دن جیلوں میں رہے، قائداعظم نے کتنے دن اس طرح کے جلسے جلوس کیے، کتنے انگریز کور کمانڈرز کے گھروں پر انہوں نے حملے کیے؟ انہوں نے نہیں کیے۔ انہوں نے ایک سیدھے سبھاؤ طریقے سے ملک اور برصغیر کی تاریخ بھی بدلی اور جغرافیہ بھی بدلا۔ ایسے لیڈر بہت کم کم ہوتے ہیں۔ آپ کا ان سے کیا موازنہ۔ قائداعظم نے اپنے نوجوانوں کو کہا تھا کہ جاؤ پٹرول بم چلاؤ۔ قائداعظم نے اپنے نوجوانوں سے وہ کام کرائے تھے جو آپ نے کرائے ہیں؟

یہاں اس پارلیمنٹ کے سامنے آپ 126 دن بیٹھے رہے اور آپ کے کپڑے اس کی دیواروں پر سوکھتے رہے۔ قوم کے 547 بلین روپے صرف وہ دھرنے کھا گئے، یہ BBC کی رپورٹ ہے جناب۔ تو یہ روایات ہیں، یہ وہ فصل ہے جو آپ نے بوئی ہے۔ جو ہمیں کاٹنا پڑ رہی ہے، یہ اس وقت نہیں ہونا چاہیے تھا۔ آج اگر ہو گا، آج بھی نہیں ہونا چاہیے، کل اگر وہ ظلم تھا تو آج وہ رحم نہیں ہے اور کل اگر رحم تھا تو آج ظلم نہیں بن گیا۔

یہ کہانیاں جو ہیں، یہ جو واقعہ ہوا ہے اس کی مذمت میں ہم آپ کے ساتھ شریک ہیں لیکن آپ یہ بھی دیکھیں کہ آپ کی اب بھی، اقتدار سے نکلنے کے بعد بھی آپ کی روایات کیا ہیں۔ آپ یہاں 2022 کے اندر آئے اور کہا کہ ہم نے ایک جلسہ کرنا ہے۔ سپریم کورٹ بیٹھی ہوئی تھی، اس نے ایک فیصلہ دیا اور یہ سب کے ہاتھ میں تھے اور کہتے ہیں کہ ہم تک فیصلہ نہیں پہنچا۔ نہیں پہنچا ہو گا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ چلیں آ جائیں، انتظامیہ کو کہا کہ ان کے لیے جلسے کا آپ اہتمام کریں، انتظامیہ انتظام کرنے میں لگ گئی۔ کنٹینرز لگ رہے ہیں، سٹیج بن رہا ہے، جلسے کے لیے کرسیاں لگ رہی ہیں اور وہ آتے ہیں تو وہاں جلسہ نہیں کرتے، وہ پھر D-Chowk میں ہی آتے ہیں، درخت جلا کر ایک منظر create کر کے چلے جاتے ہیں اور اس جلسے میں جس کا یہ ذکر کر رہے ہیں، نمبر immaterial ہو چکے ہیں کہ وہ دس ہزار تھے، اٹھارہ ہزار تھے، ایک لاکھ تھے یا دو لاکھ تھے۔ آپ نے جو گفتگو کی کسی ایک کو بھی آپ نے خیر سگالی کا پیغام دیا۔ کسی ایک کو بھی دیا؟ اپنی مسلح افواج کو دیا، اپنی قوم کو دیا، اپنے سیاسی رفقاء کو دیا، اپنے جمہوری ساتھیوں کو دیا، پارلیمنٹ کو دیا، کسی ایک کو بھی آپ نے کوئی مثبت پیغام دیا؟ آپ بتائیں کہ یہ لب و لہجہ جو آپ قائداعظم کا نام لیتے ہیں، قائداعظم کے منہ پر کبھی British India کے لیڈروں کے لیے اور بادشاہوں کے لیے کوئی گالی آتی تھی یا گاندھی اور نہرو کے لیے بھی وہ یہ لفظ استعمال کرتے تھے؟ ہم کس کی بات کرتے ہیں۔ کس کا تذکرہ کرتے ہیں اور ہم اپنے کردار اور عمل پر نگاہ نہیں ڈالتے۔

جناب چیئرمین! معاملہ یہ ہے کہ پاکستان نے رہنا ہے، کوئی اس طرح کا انقلاب نہیں آئے گا جو ملیامیٹ کر کے لے جائے گا اور ادارے تباہ ہو جائیں گے، پارلیمنٹ اور ہم گھر چلے جائیں گے۔ ہم ایسا انقلاب نہیں آنے دیں گے، پاکستان اس انقلاب کا متحمل نہیں ہو سکتا ہے۔ پاکستان کو ٹھہراؤ چاہیے۔ پاکستان کو استحکام چاہیے۔ 25 کروڑ افراد کو اس طرح کا انقلاب نہیں چاہیے جو دن کو مزدوری نہ کر سکے اور رات کو ان کے فاقہ کش بچے ان کا راستہ دیکھتے رہیں۔ آپ کون سے انقلاب کی باتیں کر رہے ہیں۔

ایک جمہوری سسٹم ہے۔ آپ نے 2018 سے 2022 تک چلایا اور جس طریقے سے چلایا اور جس طرح ملک کو چھوڑ کر چلے گئے اس کی بخیہ گری اگر ہم کر رہے ہیں اور مشکلات کے اندر گھرے ہوئے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اب انقلاب آ جانا چاہیے۔ کون سا انقلاب ہے۔ کبھی آپ

یہاں 126 دن بیٹھ کر انقلاب لاتے ہیں۔ کبھی 250-200 مکانات پر حملے کرکے انقلاب لاتے ہیں، کبھی کسی کو گالی دے کر انقلاب لاتے ہیں۔ انقلاب ایسے نہیں آیا کرتے۔ انقلاب کے لیے ایک ground چاہیے ہوتی ہے۔ انقلاب ایک خاص طرح کی مٹی مانگتا ہے۔ ایک خاص طرح کی کھیتی مانگتا ہے، خاص طرح کا پانی مانگتا ہے، خاص طرح کی کھاد مانگتا ہے۔ وہ پانی اور کھاد آپ کے پاس نہیں ہے۔ آپ صرف گالیاں بو سکتے ہیں، آپ دوسروں کے دامن پر کیچڑ اچھال سکتے ہیں، الزام لگا سکتے ہیں، بدامنی پھیلا سکتے ہیں، توڑ پھوڑ کر سکتے ہیں، جلاؤ گھیراؤ کر سکتے ہیں، دھرنے دے سکتے ہیں، لانگ مارچ کر سکتے ہیں۔ وہ انقلاب جو قوموں کا مقدر بدلتا ہے وہ آپ نہیں لا سکتے ہیں۔ یہ واضح ہے۔

جناب عالیٰ! انہوں نے یہ بھی فرمایا جس پر مجھے دکھ ہوا، علی ظفر کا میں بہت احترام کرتا ہوں، بڑے عظیم باپ کے فرزند ہیں اور ان کی روایات پر چل رہے ہیں۔ عمران خان صاحب ان کے لیڈر ہیں، ان کا احترام ان کو کرنا چاہیے، ان کے پیغام بھی یہاں پہنچانے چاہییں، اس کا انہیں استحقاق حاصل ہے۔ ہمارے جو لیڈر ہیں ان سے ہمیں محبت ہو گی، ان کا بھی ہم احترام چاہتے ہیں۔ ان کے لیڈر کا میں احترام کرتا ہوں اور ان کے بارے میں کوئی negative بات نہیں کہوں گا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اپنی گفتگو کے آخر میں یہ کہا کہ انقلاب آئے گا، نہ ہم رہیں گے، نہ پارلیمنٹ رہے گی، نہ ادارے رہیں گے، نہ جمہوریت رہے گی، نہ پاکستان رہے گا۔ نہ پاکستان کا لفظ استعمال کیا، .sorry میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایسا انقلاب نہیں آئے گا۔ ایک خواب ہوتے ہیں جو ہم رات کو دیکھتے ہیں، صبح اٹھتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ او ہو! یہ تو خواب تھا۔ حقیقت سامنے آجاتی ہے۔ ایک جاگتی آنکھوں کے خواب ہوتے ہیں، یہ جاگتی آنکھوں کے خواب دیکھ رہے ہیں۔ جاگ بھی رہے ہیں اور سوچتے ہیں کہ ہم انقلاب لے کر آ رہے ہیں۔ انقلاب ایسے نہیں آیا کرتے۔ انقلابوں کی تاریخ پڑھیں۔ جہاں جہاں انقلاب آئے ہیں اور جو جو انقلابی اٹھے ہیں اور جو جو ان کا کردار تھا اس کی تاریخ پڑھیں۔ میں اپنی بات اس بات پر ختم کرنا چاہتا ہوں کہ ان شاءاللہ یہ ادارے بھی رہنے ہیں، یہ پارلیمنٹ بھی رہنی ہے، ہم بھی رہیں گے اور یہ بھی رہیں گے یہاں پر ان شاءاللہ اور پاکستان نے بھی رہنا ہے۔ یہ جو نشیب و فراز آتے رہتے ہیں۔ کل یہ یہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم ادھر تھے۔ آج صورتحال بدل گئی ہے لیکن جب دوسرے کے گریبان پر ہاتھ ڈالا جائے تو اپنے گریبان پر ایک نظر ضرور ڈال لینی چاہئے کہ میں جو دوسرے کی تحقیر کر رہا ہوں، دوسرے پر الزام لگا رہا ہوں اور میں یہ

کہتا ہوں کہ آج ہمارے ساتھ کروگے تو کل بھگتوگے۔ ہم بھگت چکے ہیں۔ بھائی ہم تو وہ بھی بھگت چکے ہیں کہ جو ہمارے گناہ تھے ہی نہیں۔ ایسے قرض چکا چکے ہیں کہ جو ہم پر واجب ہی نہیں تھے۔ آپ کو ہم کیا کیا بتائیں۔ مجھے دو دن تک انہوں نے کھانا بھی نہیں دیا۔ میں diabetic ہوں اور مجھے دو دن تک کھانا نہیں دیا۔ نہ صبح، نہ شام ڈاکٹروں نے کہا کہ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے ان کو ہسپتال پہنچایا جائے تو جواب ملا کہ ان کو ہسپتال نہیں لے کر جا سکتے۔ یہ یہیں رہیں گے ہمیں حکم ہے کہ انہیں یہاں سے نہیں نکالنا۔ کیا کیا کہانیاں ہم بیان کریں اور ظلم یہ ہے کہ اس چیز پر کسی کو کبھی توصف بھی نہیں ہوا۔ What goes around comes around. ہمیں کہتے ہیں۔ تو میں بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ جمہوری روایات بھی رہیں گی۔ کسی کے ساتھ ظلم نہیں ہوگا۔ کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہو گی۔ یہ نمبر گنیں کہ ان کے عہد میں کتنے لوگ جیلوں میں تھے۔ وہ لوگ نہیں جو ۹ مئی جیسے کیسوں میں تھے۔ وہ لوگ جنہوں نے کچھ نہیں کیا تھا۔ کوئی کرایہ داری میں تھا جیسا کہ میں نے بتایا میں تھا۔ ابھی یہاں احمد خان صاحب بیٹھے تھے۔ احمد خان نے مجھے بتایا کہ صدیقی صاحب برصغیر کی تاریخ کے اندر اور برٹش انڈیا کی تاریخ کے اندر آپ واحد شخص ہیں جو اس کیس میں ہتھکڑی ڈال کر جیل میں ڈالے گئے۔ I am the only one. یہ روایت، یہ سونے کا تمغہ اور یہ ہلال جرأت ان کے سینے پر سجا ہوا ہے اور ہمیں یہ بہادر اور بزدل کا فرق سمجھاتے ہیں۔ ہم بزدل ہی صحیح لیکن ہمیں وہ بہادری نہیں چاہیئے جو قوم کے مستقبل سے کھیلے، جو قوم کے استحکام سے کھیلے، جو قوم کے اداروں سے کھیلے اور جمہوریت سے کھیلے۔ پارلیمنٹ سے کھیلے اور صرف اپنی ذات پر نگاہ رکھے۔ تو میں بڑے ادب واحترام سے کہتا ہوں کہ آئیں ہم مل جل کر کام کریں۔ میں نے یہاں پر ایک پیشکش کی تھی کہ ایک باہر کی دنیا ہے کہ جہاں پر ہمارے لیڈر اور جہاں ہماری سیاسی جماعتیں ہیں۔ ایک اندر کی دنیا ہے۔ یہ دنیا، ہم ملتے ہیں، گلے لگتے ہیں، ایک دوسرے کی لابیز میں ہم چلے جاتے ہیں، چائے پیتے ہیں اور ایک دوسرے کی عزت واحترام کا رشتہ ہے۔ آئیں ایک مثال ہم یہاں بنیں جو اپنے لیڈروں کو بھی دکھائیں کہ دیکھیں ہم کتنی عمدگی سے رہ رہے ہیں۔ آپ آپس میں کیوں لڑ رہے ہیں؟ یہاں بھی کبھی کبھی صورت حال بہت افسوسناک ہو جاتی ہے۔ میں آج بھی کہتا ہوں کہ ہاؤس کے لئے اور ہاؤس کے تقدس واحترام کے لئے اکٹھے ہونا پڑے گا۔ دوسرے ہاؤس میں اگر کچھ ہوا ہے تو اس پر ہمارا دل بھی زخمی ہے۔ پارلیمنٹ ایک سانجھی ہے۔ کوئی حزب اختلاف میں تقسیم ہے اور نہ ہی

حزب اقتدار میں تفریق ہے۔ اگر ایک parliamentarian پر حملہ ہوتا ہے چاہے کسی بھی سیاسی جماعت سے اس کا تعلق ہو۔ وہ ہم سب پر حملہ ہوتا ہے۔ ہمیں اجتماعی طور پر اپنے ایوان کے تقدس کے لئے اکٹھا ہونا ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ ہمیں کوئی ایسا mechanism بنانا چاہئے۔ شبلی فراز صاحب کی سربراہی میں کمیٹی بن جائے۔ علی ظفر صاحب کی کمیٹی بن جائے۔ ہم ایک اچھے اور شگفتہ ماحول میں بیٹھیں۔ آج ٹھیک ہے انہوں نے گفتگو کی ہم نے سنی۔ میں نے گفتگو کی انہوں نے سنی۔ یہ تحمل و بردباری اور کشادہ دلی اور کشادہ مزاجی یہ اس ایوان کا حسن ہے۔ میں بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری گزارشات توجہ سے سنیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: مولانا عطاء الرحمٰن صاحب۔

**Senator Atta-ur-Rehman**

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ کی نظر ہماری طرف بھی پڑی ہے۔ آپ سب ساتھیوں کے علم میں ہے کہ آج کوئٹہ میں کینٹ تھانے کی حدود میں جہاں پر عبدالعلی کو رکھا گیا تھا جو گزشتہ دنوں گستاخی کا مرتکب ہوا تھا۔ ایک غازی سید خان نے قانون کو ہاتھ میں لے کر اس ملعون کو قتل کر ڈالا۔ اب ایک مرتبہ پھر اس قانون کے متعلق چہ مگوئیاں شروع ہو گئی ہیں حالانکہ اس میں جمعیت علمائے اسلام کے مقامی قائدین نے پوری کوشش کی اور عوام کا جو بلوہ تھا اور عوام جس طرح اس تھانے پر اٹیک کرنے آئی تھی ان کو روکنے میں کردار ادا کیا اور ان کو روکے رکھا لیکن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیت ایسی شخصیت ہے کہ جس سے ہمارے اداروں کے اندر بھی ایسے مسلمان ہیں جو اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت و عقیدت رکھتے ہیں۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک عاشق سپاہی نے تھانے کے اندر اس ملعون کو قتل کر ڈالا۔ ہم یقیناً اس کی مذمت کریں گے کہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے فورس کو بھی اور نوجوانوں کو بھی اس طرف جانا چاہئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ایسی ہے کہ جس پر کوئی بھی مسلمان compromise کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ آج ایک مرتبہ پھر بین الاقوامی قوتیں اور بین الاقوامی ادارے اس پر گفتگو کرنا شروع ہو گئے ہیں کہ یہ قانون کیسا ہے؟ لہٰذا میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ جب سے یہ قانون بنا ہے بہت سارے

لوگ جو اس جرم کے مرتکب ہوئے ہیں۔ اس میں غیر مسلموں سے زیادہ مسلمان ہیں اور سب سے زیادہ سزائیں بھی مسلمانوں کو ہوئی ہیں۔ بہر حال ہمیں اس کے متعلق سوچنا چاہئے کہ آئے روز اس ملک میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو اور ان اقدار کو کیوں ٹارگٹ کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو ہمارے ملک کے لئے انتہائی خطرناک صورتحال ہے وہ اس وقت صوبہ خیبر پختونخوا میں ہے۔ دو روز قبل میں اپنے علاقے District لکی مروت گیا تھا۔ پولیس فورس وہاں احتجاج کر رہی ہے اور آج سننے میں آیا ہے کہ وہ احتجاج لکی مروت سے ٹانک، ڈیرہ اسمٰعیل خان، بنوں، کرک اور کوہاٹ کی طرف پھیل گیا ہے۔ فورس ملک کے ایک ادارے کے خلاف احتجاج کر رہی ہے۔ تو یہ ہم کس طرف جا رہے ہیں؟ ملک کے اندر اور ایک صوبے کے اندر کیوں فورسز کو آمنے سامنے کیا جا رہا ہے؟ کیوں ہم ادارے اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے کام نہیں کرتے۔ کیوں ہم سمجھتے ہیں کہ باقی ملک ہمارا غلام ہے اور ہم جس طرح چاہیں گے اس ملک میں وقت گزاریں گے۔ ہمیں کوئی روکنے والا نہیں ہے۔ میرے خیال میں اس سے زیادہ حساس نوعیت کا معاملہ کوئی اور نہیں ہو سکتا۔

جناب چیئرمین! سینیٹ فیڈریشن کی علامت ہے۔ لہٰذا میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ سینیٹ کے آپ ذمہ دار چیئرمین ہیں۔ ہمیں اس کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور اس پر سوچنا چاہئے کہ ملک کے اندر مسلح ادارے آپس میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہو رہے ہیں۔ ہم اس ملک کو مزید تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس ملک کو مزید کمزور کرنا چاہتے ہیں، کس طرف ہم اس ملک کو لے کر جا رہے ہیں اور کیوں ایسا ہو رہا ہے؟ یہ انتہائی خطرناک صورتحال ہے اگر ہم نے اس پر غور نہ کیا، ہر ادارے کو اپنے قانونی دائرے میں رہتے ہوئے کام کرنے کی طرف متوجہ نہ کیا تو یہ ملک نہیں رہے گا اور یہ تقسیم ہو جائے گا۔ شاید پھر ہم ایک دوسرے کا منہ دیکھنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ للذا، آپ کی وساطت سے میں دست بستہ اس پورے ہاؤس کو گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرف متوجہ ہوں۔ آج ملک کی فورسز کے ادارے ایک دوسرے کے سامنے ہو رہے ہیں جس کا نقصان ہمیں اور آپ کو ہوگا کیونکہ ہم اس ملک کو تقسیم نہیں کرنا چاہتے۔ ہم اس ملک کو متحد کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس ملک کے خیر خواہ ہیں۔ ہم اس ملک میں رہنا چاہتے ہیں، للذا، ازراہِ خدا! اس ملک کی وحدت پر توجہ دی جائے۔

گزشتہ دنوں یہاں parliamentarians کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ ہم کس طرف جارہے ہیں۔ یقیناً یہ قابل مذمت ہے کہ جو پارلیمنٹ کے ساتھ ہوا، parliamentarians کے ساتھ ہوا لیکن میں ان حضرات سے بھی یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے دورِ حکومت میں مولانا جمال الدین صاحب کی پگڑی کو جس طرح گھسیٹا گیا، آپ کے دورِ حکومت میں مولانا صلاح الدین صاحب کو جس طرح پارلیمنٹ ہاؤس میں گھسیٹا گیا، وہ بھی تاریخ کا حصہ ہے۔ لہٰذا، میں یہ گزارش کروں گا کہ ہمیں اس طرف متوجہ ہونا چاہیے۔ یقیناً پارلیمنٹ بالاتر ہے اور یہاں پر آنے والا ہر ممبر قابلِ عزت واحترام ہے۔ اگر ہم خود ایک دوسرے کی عزت واحترام نہیں کریں گے تو باہر سے کوئی آکر آپ کی عزت واحترام نہیں کرے گا۔ لہٰذا، میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ قابل توجہ چیزیں ہیں جو گزارشات کی ہیں۔ ہم نے اگر اس ملک کو بچانا ہے، اس پارلیمنٹ کو بچانا ہے، اس ملک کو چلانا ہے، پارلیمنٹ کو چلانا ہے تو پھر یہاں بیٹھا ہوا ہر میرا محترم ساتھی، اس کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس کو اس طرف متوجہ ہونا ہوگا اور اگر ہم آج متوجہ نہیں ہوتے تو خدانخواستہ، کل ہم ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ میرے ملک کا حامی و ناصر ہو۔

**وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العلمین۔**

جناب چیئرمین: ایمل ولی خان صاحب۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! بہت شکریہ۔ جو ماحول بنا ہوا ہے اور میں سینیٹر عطاء الرحمان صاحب کی بات کو ہی تھوڑا آگے بڑھاؤں گا۔ پاکستان میں اس وقت جو موجودہ صورتحال ہے، میرے خیال میں ستر اسی فیصد نشانیاں یہی نشاندہی کر رہی ہیں کہ خدانخواستہ، یہ ملک بچنے والا نہیں ہے۔ ملک ٹوٹنے کی جتنی وجوہات ہم تاریخ میں دیکھ سکتے ہیں، زیادہ تر وجوہات اس وقت ہمیں اپنے ملک میں دکھائی دے رہی ہوں گی۔

چیئرمین صاحب! یہ جو اداروں کے بیچ میں لڑائیاں چل رہی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک کو کوئی فائدہ نہیں پہنچاسکتیں بلکہ وہ ادارے جو اس ملک کے pillars ہیں، اگر وہی آپس میں

لڑیں گے، جو بھی ادارہ کمزور ہوگا، میں سمجھتا ہوں کہ وہ pillar کمزور ہوگا اور pillars میں سے ایک بھی pillar اگر کمزور ہوتا ہے تو چھت گرتی ہے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ چھت ہوا میں کھڑی رہ جائے گی۔ میرا اشارہ ہے سپریم کورٹ اور حکومت اور establishment کی طرف۔ ان کی جو آپس میں ایک لڑائی چل رہی ہے اور عرصہ دراز سے چل رہی ہے، وہ اس سسٹم کو بھی سبوتاژ کر رہی ہے اور بدقسمتی سے اس لڑائی کی وجہ سے ہم نے یہ دیکھا بلکہ یہ مثال پاکستان میں بن گئی کہ سپریم کورٹ کے فیصلے آتے ہیں پر ان فیصلوں پر عمل نہیں ہوتا۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ کسی اور ملک میں یہ ممکن ہے کہ سب سے بڑی عدالت فیصلہ کرے گی اور اس کے فیصلے پر عمل نہیں ہوگا کیونکہ وہ فیصلہ حکومت یا ریاست کو قابل قبول نہیں ہوگا۔ ہم نے دیکھا سپریم کورٹ نے الیکشن کی تاریخ دی، ٹھیک یا غلط، وہ بحث بعد کی بات ہے لیکن اس تاریخ پر الیکشن نہیں ہوتے۔ ہم نے دیکھا سپریم کورٹ نے reserved seats کی بات کی، ٹھیک یا غلط، وہ الگ بات ہے لیکن اس پر عمل نہیں ہوتا کیونکہ وہ فیصلہ ریاست پاکستان کو قابل قبول نہیں ہے۔ ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ سینیٹ میں پختونخوا سے گیارہ سینیٹرز جن کا حق بنتا ہے، وہ نہیں آئے۔ ان کا حق بنتا ہے لیکن وہ ہمارے بیچ موجود نہیں ہیں جو اس term کے گیارہ سینیٹرز ہیں۔ پختونخوا یعنی ایک پورے صوبے کا مینڈیٹ مکمل نہیں ہے۔ اب کون غلط ہے، کون صحیح ہے، وہ بحث بعد کی بات ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اداروں کے بیچ کا تصادم، اداروں کو کمزور کر رہا ہے۔ سپریم کورٹ اس تصادم کی بنیاد پر شاید کوشش کر رہی ہے کہ establishment کمزور ہو جائے یا حکومت کمزور ہو جائے اور establishment اور حکومت یہ کوشش کر رہی ہیں کہ سپریم کورٹ کمزور ہو جائے۔ بدقسمتی سے جو بھی کمزور ہوگا، پاکستان کے لیے نقصان ہے۔

جناب! یہ چیز penetrate ہو رہی ہے۔ مولانا صاحب نے بات کی۔ اب وقت آگیا ہے کہ پختونخوا پر ہم بہت close نظر دوڑائیں اور اگر نہیں دوڑاتے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پختونخوا صرف ایک angle سے نہیں، کافی angles سے ایسے پھنس رہا ہے کہ خدانخواستہ، مانتے ہیں ہمارے خلاف بھی بڑی باتیں ہوئی ہیں لیکن ہم ملک اور ریاست کے خلاف نہیں، خدانخواستہ، کہیں پاکستان، پختونخوا کو اپنے ہاتھ سے نہ کھودے۔ میں ایک دفعہ پھر دہراتا ہوں، ایک طرف reconciliation کے نتیجے میں چالیس ہزار دہشت گردوں کو لا کر پختونخوا میں کھلا چھوڑا ہوا

ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 102 مجرموں کو جن پر ریاست پاکستان کا اربوں روپے کا خرچہ ہوا ہوگا، ان 102 بندوں کو پکڑنے میں، ان کو arrest کرنے کے لیے کتنے کتنے operations ہوئے ہوں گے، کتنا کتنا عوام کا نقصان ہوا ہوگا لیکن ایک دستخط سے ان 102 دہشت گرد قیدیوں کو کھلا چھوڑا گیا ہے اور وہ بھی آج پختونخوا میں کھلے عام گھوم رہے ہیں۔ No hard feelings to anyone میں کسی کو ٹارگٹ نہیں کرنا چاہوں گا لیکن بد قسمتی سے پختونخوا میں انہی لوگوں کی حکومت ہے جنہوں نے ان دہشت گردوں کے لیے باقاعدہ وکالت کی ہے۔ پختونخوا میں وہی گٹھ جوڑ بیٹھا ہوا ہے جو پچھلے 12 سالوں سے پختونوں پر زبردستی راج کر رہا ہے۔ ایک طرف دہشت گردوں کو کھلا چھوڑ دیا گیا ہے، دوسری طرف حکومت دہشت گردوں کے حامیوں کے ہاتھ میں پکڑا دی گئی ہے اور تیسرا، امریکہ کی پالیسی پختونخوا پر ایک مرتبہ پھر terrorism اور دہشت گردی کو لانا۔ جناب! میں سمجھتا ہوں کہ یہ خطرناک بات ہے کہ پختونخوا کی پولیس اس بات پر مجبور ہو گئی ہے اور یہ آپ کہیں بھی نہیں سنیں گے کہ وہ باہر نکل کر strike کر رہی ہے اور یہ strike directly دفاعی اداروں کے خلاف ہے۔ ان کی demand یہ ہے کہ دفاعی ادارے ہمارے علاقے چھوڑ دیں۔ ہم جانیں، عوام جانیں؛ ہم جانیں، دہشت گرد جانیں لیکن دفاعی ادارے ہمارے علاقے چھوڑ دیں۔ وہاں ایک واقعہ ہوا ہے۔ لکی مروت میں ایک SHO target ہوا ہے۔ جس نے target کیا تھا، وہ بندہ پکڑا گیا۔ میں on record یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پھر ہمارے دفاعی ادارے آئے ہیں اور پولیس سے اس دہشت گرد کو اٹھا کر لے گئے ہیں۔ اس وجہ سے پولیس کہہ رہی ہے کہ جو ہمارے ساتھ ہو رہا ہے، یہ غلط ہے اور ہم مزید ایسی قربانیاں دینے کو تیار نہیں ہیں۔ اب قوم کی کیا حالت ہے؟ طالبان کھلے گھوم رہے ہیں۔ حکومت طالبان کی support میں ہے اور پولیس کا morale اس حد تک گرا دیا گیا ہے کہ وہ بجائے نوکری کے، strike پر جا رہے ہیں۔ This is a very dangerous situation for Khyber Pakhtunkhwa. اس کے علاوہ ایک یا دوسرے طریقے سے باہر سے اور بھی attacks ہو رہے ہیں اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں ایک ایسی آگ لگائی جائے جسے پاکستان کے لئے بجھانا مشکل ہو۔ آپ خیبر پختونخوا کے ان حالات پر سینیٹ کا کوئی خصوصی اجلاس رکھیں تاکہ ایک خصوصی بحث ہو۔ میں خیبر پختونخوا کے ساتھ بلوچستان پر بھی یہی چاہوں گا کیونکہ بد قسمتی سے پاکستان ان دونوں صوبوں سے سوتیلی ماں کا سلوک کرتا ہے۔ میری یہ

گزارش ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان پر خصوصی اجلاس بلایا جائے اور جو حالات ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ خدانخواستہ پاکستان کو کوئی تکلیف ہو، اسے ذرہ بھر بھی نقصان پہنچے یا پاکستان ٹوٹے۔ ہم چاہتے ہیں کہ سنجیدگی سے بحث ہو۔ سیاسی اختلافات چلتے رہیں گے۔ ہم کسی کو برا کہیں گے اور کوئی ہمیں برا کہے گا۔ کوئی نواز شریف اور عمران خان کی بات کرے گا تو کوئی زرداری صاحب کی بات کرے گا۔ یہ چلتے رہیں گے لیکن ہمیں چاہیے کہ ہم اس ملک کی خاطر ایک کردار ادا کریں۔ جو ادارے آپس میں لڑپڑے ہیں، ان کی لڑائی ختم کرنا اس ایوان یا قومی اسمبلی کا کام ہے اور وہ یہ کردار ادا کر سکتے ہیں جس سے پاکستان کے تمام pillars کو یکجا کرکے رکھیں۔ ہم نے اگر یہ اقدامات نہیں اٹھائے تو خدانخواستہ شاید ہم بلوچستان یا خیبر پختونخوا کو کھو دیں گے۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔

سینیٹر ایمل ولی خان: میں بس ایک request کروں گا۔ ہم جتنے پارلیمانی لیڈر بیٹھے ہیں، ہمیں چاہیے کہ اس ایوان کا تقدس رکھیں۔ میں اور میرے ساتھ عوامی نیشنل پارٹی کے دو اور سینیٹر ہیں۔ اگر میں ایوان کے تقدس کا خیال رکھوں گا تو میرے ممبر بھی رکھیں گے۔ ہم سب پارلیمانی لیڈر اسی لئے بیٹھے ہیں کہ ہم اپنے پارٹی ممبران کے ذمہ دار ہیں۔ بد قسمتی سے ایوان میں اس دن جو الفاظ استعمال ہوئے، آپ نے اس کے بعد جو بھی کیا، ٹھیک کیا۔ ہمارے پختون علاقوں میں ڈیرے ہوتے ہیں جہاں عورتیں نہیں ہوتیں۔ ادھر بھی شاید ایسے الفاظ استعمال نہ ہوں۔ میں تمام پارلیمانی لیڈران سے یہ request کروں گا کہ اپنے پارٹی ممبران کو کم از کم اتنا سمجھائیں کہ ایوان کی ہر بات پورے پاکستان کو سنائی دیتی ہے۔ بچے، بوڑھے، نوجوان، مرد اور عورتیں سب یہ باتیں سنتے ہیں۔ ہمیں وہ الفاظ اور باتیں کرنی چاہیں جو ہم اپنے گھروں میں اپنی بہنوں، ماؤں اور بچیوں کے سامنے کر سکیں۔ یہاں احتجاج کی بھی بات ہوئی۔ سیاست کا حسن احتجاج ہے۔ احتجاج کی اجازت ہر کسی کو ہونی چاہیے اور اس پر کوئی دو رائے نہیں ہے۔ بد قسمتی یہ ہے کہ یہاں blame game ہوتی ہے۔ ہم بیٹھے تھے کہ انہوں نے کہا کہ ہمارے ساتھ برا ہوا اور انہوں نے کہا کہ آپ نے بھی ہمارے ساتھ برا کیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ برا کرنے والے اور لوگ ہیں۔ میرے دادا ایک بات کرتے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ سامنے جو ریت کی بوریاں پڑی ہیں، مجھے ان سے کوئی لینا دینا نہیں بلکہ ان کے پیچھے جو بندہ کھڑا

ہے اور بندوق چلا رہا ہے، میرا احساب اس سے ہے۔ کیا ہمیں نہیں پتا کہ گرفتاریاں کون کر رہا ہے؟ کیا ہمیں نہیں پتا کہ پچھلے دور میں کس کے ساتھ کتنا اختیار تھا اور کس کی وجہ سے کیا، کیا گرفتاریاں ہو رہی تھیں۔ یہ کب سے چل رہا ہے؟ ہم نے دیکھا کہ حیدرآباد ٹریبونل ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ ہم اور آپ وہ لوگ ہیں جو اگر تاریخ کھول دیں تو یہ جو 9 ستمبر کو ان کے ساتھ ہوا ہے، وہ ہمارے ساتھ رونا شروع کر دیں کہ بھئی آپ کے ساتھ جو ہوا ہے، شاید اس کا ایک فیصد بھی ہمارے ساتھ نہیں ہوا ہے۔

جناب! پاکستانی حکومت کی کرسیاں، اس کا پروٹوکول اور انداز میں ایک ایسا ماحول آ جاتا ہے کہ پھر احتجاج کرنا پسند نہیں آتا۔ میں یہ بالکل مانتا ہوں اور ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں کہ اس دن جو پارلیمنٹ کے سامنے ہوا، وہ کبھی بھی نہیں ہونا چاہیے۔ آپ as the Chair اپنے اختیار استعمال کریں and make an example کہ کل جو بھی ہوا، غلط ہوا اور جس نے بھی کیا ہے، غلط کیا۔ پرسوں بھی ہوا ہے، غلط ہوا ہے۔ حکومت نے کیا ہے یا اپوزیشن نے، سب نے غلط کیا ہے but now we should make an example کہ آئندہ ایسا نہ ہو۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب! اپنے صوبے والے کو سمجھائیں کہ ادھر بھی چھوٹے موٹے احتجاج ہوتے ہیں۔ کبھی ڈاکٹر، کبھی اساتذہ اور کبھی clerical staff باہر نکل آتے ہیں اور انہیں سوائے مار کے، باقی کچھ نہیں ملتا۔ پچھلے 12 سال سے اگر وہ پشاور کے چوکوں پر اپنے حق کے لئے احتجاج کرتے ہیں تو انہیں صرف مار پڑتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ with an open heart and mind ہمیں احتجاج، سیاست اور جمہوریت کو space دینا چاہیے بجائے اس کے کہ ہم ان کے گلے دبائیں، شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Leader of the Opposition, you wanted to move a Resolution.

سینیٹر سید شبلی فراز: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی ہمارے صوبے سے تعلق رکھنے والے ایک بڑے نامور خاندان کے سپوت بول رہے تھے۔ میں ان کے جذبات کی قدر کرتا ہوں اور انہوں نے جن باتوں کا ذکر کیا، میں ان کی بھی قدر کرتا ہوں۔ ان کی فیملی کی بہت، بہت زیادہ قربانیاں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پورے پاکستان اور خصوصاً خیبر پختونخوا میں اگر ایک خاندان نے جس طرح کی قربانیاں دی ہیں تو وہ ان کے خاندان نے دی ہیں اور شاید اس کی نظیر کہیں اور نہیں ملتی۔

*(Desk thumping)*

جناب! جو 9 ستمبر کو ہوا، گو کہ یہ ایوان اسے condemn کرنے میں تھوڑا سا late ہوا ہے لیکن آج the Treasury as well as the Opposition نے یہ سمجھا کہ ہم ایک Resolution pass کریں اور پارلیمنٹ اور اپنے sister house, the National Assembly کے ساتھ solidarity show کریں۔ یہ Resolution جو across the board parties نے sign کی ہے، میں اسے پڑھنا چاہوں گا۔

**Resolution moved by Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition) regarding outrageous attack on Parliament on 9th September, 2024, and condemning the resultant deprivation of Parliament's prestige and arbitrary detention of ten elected Members of the National Assembly**

"This House condemns the outrageous attack carried out on the Parliament of Pakistan on 9th September, 2024. This shameful act has trampled the honor and prestige of the citadel of democracy.

We also condemn the arbitrary abduction of ten elected representatives of the National Assembly from premises of the Parliament. Amendments and insertions to the relevant rules should be made to protect the blatant breach of privilege and dignity of its Legislators.

We recommend penalizing those responsible for this outrageous and heinous crime to restore the Parliament's esteem and sovereignty."

Mr. Chairman: I, now, put the Resolution before the House.

*(The Resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Yes, Senator Sherry Rehman.

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! آج یہ قرارداد پاس کر کے سینیٹر ایمل صاحب جارہے ہیں۔ آپ busy ہیں،آپ کے ساتھ ہماری چھیڑ چھاڑ چلتی ہے،آپ کو ایسے ہی میں تنگ کررہی ہوں،آپ جایئے but I wanted to appreciate, terrorism پر جو آپ نے کہاہےاور آپ کی جماعت نے جو قربانیاں دی ہیں لیکن میں یہ کہناچاہ رہی ہوں کہ جو ظرف آج اس ایوان نے دکھایاہے،اس کی مثال قائد حزب اختلاف! آپ بھی کبھی سنا کریں۔ آپ کے لیے ہم نے pass کیاہے۔۔۔

**(مداخلت)**

سینیٹر شیری رحمان: ایسانہیں محسن بھائی، تھوڑا تحمل کریں، ایک دن گزرنے دیں، اس پارلیمان کو مثالی کردار اداکرنے دیں۔لوگوں کو حوصلہ دیں۔ Please, I don't interrupt you when you talk. Please, I don't interrupt you....

***(At this stage, Mr. Deputy Chairman, Senator Syedaal Khan presided over the proceedings of the House)***

جناب ڈپٹی چیئرمین: السلام وعلیکم۔

Senator Sherry Rehman: Welcome Deputy Chairman Sahib, welcome. Good to see you, obviously not the Bandial good to see you but others good to see you.

میں کہناچاہوں گی کہ آج جو ظرف ایوان نے دکھایاہے،اس سے ہمیں ایک راستہ ملتاہے، میں سمجھتی ہوں کہ یہ ہمارے لیےایک مشعل راہ ہے کہ ہم کس طرح behave کریں اور صرف اس طرح نہیں ہوناچاہیے،یکطرفہ بات نہیں ہوتی ہے۔کل چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی میں بہت پتے کی بات کی،انہوں نے راستہ دکھایاجو قوم اور ملک کو مشکلات سے نکالنے کے لیے بہت ضروری ہے، بہت اہم ہے کیونکہ عوام ہماری طرف دیکھتی ہے،وہ چاہتے ہیں کہ ہم دست و گریبان نہ

ہوں، وہ نہیں چاہتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے پر تنقید کریں اورگالیاں اور مستقل نشتر برسائیں ، objections, تنقید،وہ یہ نہیں چاہتے۔ پرسوں ایوان میں جو ہوا،میں سمجھتی ہوں کہ وہ بڑا افسوس ناک ہے کہ ممبرز یہاں پر پھر رہے ہیں، چیخ وپکار چل رہی ہے۔ یہ بالکل House کی زینت نہیں بنتا۔اگر ہم سب ان بنیادی باتوں پر agree کریں۔ سیکرٹری صاحب! آپ distract کررہے ہیں۔ بنیادی باتوں پر ہم agree کریں تو ,we can all جیسےایمل صاحب نےابھی کہاہے۔بنیادیframework اور ضابطہ اخلاق توہمارا ہے، معذرت۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

سینیٹر شیری رحمان: ضابطہ اخلاق تو ہماراہے،writing میں ہے، Code of Conduct ہےلیکن آج کیونکہ ہم ایک تجربے سے گزر کرگئے ہیں اور ہر طرف کچھ نہ کچھ ہورہاہے۔ قومی اسمبلی میں پارلیمان کےاحاطے میں جو ہواہے،میں آپ کو بتاؤں کہ ہم سب نےاس کی مذمت کی ہے۔ میں نے نیچے بھی پریس میں مذمت کی ہے،ہم سب نے کی ہے، پیپلز پارٹی فوراً کھڑی ہو گئی۔ ہمارے لیے دیکھیے دنیا بے شک گول ہوتی ہے،ہم نے ہمیشہ،اس وقت بھی کہاجب پی ٹی آئی کی حکومت تھی۔ میں نرم لہجے میں بات کررہی ہوں۔ تب بھی ہم بار بار کہتے تھے،میں کھڑے ہو کر کہتی تھی کہ وہی کیجیے گاجو آپ سہہ سکتے ہیں،وہی کیجیے گاجو آپ سہہ سکتے ہیں۔ پھر اس کا یہ مطلب نہیں، اتناہی ظلم کریں جو آپ خود سہہ سکیں۔ ان کے لیڈر کھڑے ہو کرافسوس ناک بات کرتے تھے کہ میں 'C' class دوں گا،یہ کروں گا،وہ کروں گا۔ میں ان کا فریج لےلوں گا،دوائی نہیں اور سب کے سامنے،دنیامیں باہر جا کرکہتے تھے۔

فریال تالپور صاحبہ جو صدر صاحب کی بہن ہیں،ان کو رات کو بکتر بند گاڑی میں اٹھایا۔ خورشید شاہ کواحاطے سے اٹھایا۔ مطلب ہم پھر بھی یہ نہیں کہتے۔ مریم نواز شریف کو ہسپتال سے بھی اٹھایا۔ مطلب رات کوآپ خواتین کو ہسپتالوں سے گھسیٹ کر بکتر بند گاڑیوں میں لے جارہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ ہماری حکومت کو کبھی بھی نہیں کرناچاہیے۔ دو مظالم ایک انصاف کو جنم نہیں دیتے۔ دو ناانصافیاں ایک انصاف کو جنم نہیں دیتیں۔ Two wrongs do not make a right. ہم تواسی پر یقین کرتے ہیں کہ اگرآپ کچھ غلط کررہے ہیں تو یہ ہم repeat نہیں کریں گے لیکن آپ بھی تھوڑاسا سیکھیں۔ ظرف سیکھیں،پارلیمانی سیاست میں invest کریں۔

پتانہیں، مجھے تو افسوس بھی ہوتا ہے کہ کچھ کچھ ایسا لگتا ہے کہ instructions دی جاتی ہیں کہ آپ نے تلخی دکھانی ہے، غصہ مستقل ناک پر رکھنا ہے، بھاؤں پر رکھنا ہے اور شور شرابا، مستقل dice پر آنا اور پارلیمانی روایت کو ختم کرنا، cooperate نہ کرنا۔

کل قومی اسمبلی میں offer کیا گیا ہے۔ چیئرمین بلاول نے کہا کہ نوجوان نسلیں ہمیں دیکھ رہی ہیں، وہ کیا سوچیں گی۔ کیا ہم پاکستان چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ ہم اپنے حال احوال کو دیکھیں۔ ہمیں اس وقت لوگ judge کریں گے۔ مستقبل کیا، ابھی judge کریں گے۔ دیکھیں، میں اس پارٹی سے ہوں جس نے اے این پی کے ساتھ بہت دہشت گردی کی قیمت ادا کی ہے۔ میں اس پارٹی سے بھی ہوں جس کے گھروں سے میتیں اٹھی ہیں، جس کے لیڈر، سابق صدر، اب پھر صدر بنے ہیں۔ دیکھیں اللہ کا ایک نظام ہے، ان کو آپ لوگ بھی اٹھا کر لے گئے تھے، انہوں نے پولیس سے کہا کہ اندر آئیں، وہ videos سوشل میڈیا پر چل رہی ہیں، انہوں کہا کہ اندر آئیں، چائے پی لیجیے اور ایک طریقے سے ہم آپ کے ساتھ جائیں گے۔ اب آپ اپنا کام کر رہے ہیں۔ اس میں مجھے کوئی بد تمیزی یا دنگے کی بات نہیں نظر آ رہی۔ یہ تو ان کا طریقہ کار ہے۔ یہ پیپلز پارٹی کا طریقہ کار ہے۔ ہم پھر آپ کے ساتھ وہ نہیں کریں گے جو آپ کل پھر کرنا چاہیں گے۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے، رویوں سے لگتا ہے کہ آپ پھر کرنا چاہیں گے۔ آپ یہ بھی ہم سے سن لیں کہ آپ نے نیب قوانین کو ایسا بنایا کہ آپ صرف اپنے rivals کی، اپنے سیاسی مخالفین کی، جسے کہتے ہیں، witch-hunting کریں۔ آپ نے پورا time witch-hunting میں صرف کیا اور اب خان صاحب اسی سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ہمارے NAB amendment سے ہی مستفید ہو رہے ہیں اور کیوں نہیں اور law کو سب کے لیے ہونا چاہیے۔ قانون جب بنتا ہے، سب کے لیے بننا چاہیے۔

اس وقت ہم جو کر رہے ہیں۔ ہماری گزارش ہو گی، پتا نہیں مجھے کہ آپ وہی repeat کریں گے کیونکہ اکثر و بیشتر بڑی تلخ باتیں سننے میں آتی ہیں کہ ہم تو ایسا کر دیں گے، ویسا کر دیں گے۔ آپ کے ساتھ ہم یہ کریں گے، آپ کے ساتھ وہ کریں گے۔ ہمیں عوام سے، اللہ کے نام یہاں پر لکھے ہوئے ہیں، جوابدہی خدا سے بھی کرنی ہے۔ اپنے ضمیر سے بھی جوابدہی کرنی ہے تو ہم آپ کو دیکھ کر اپنا behaviour change نہیں کرتے۔ اللہ ہمیں ایسا ہی رکھے، ہمیں صراطِ مستقیم پر رکھے۔ ہم وہیں رہیں، اسی سمت میں، باضمیر تھوڑا رہیں۔ جب ضمیر اور moral centrality نکل جاتی

ہے خاص طور پر سیاسی ایوانوں میں تو پھر ان ممالک کا اللہ ہی حافظ ہوتا ہے۔ وہ بھی پھر منہ موڑ لے تو کیا کہنے۔

اب میں آپ سے ضرور کہوں گی کہ کچھ ہم سے بھی سیکھیں۔ ہم نے بہت وقت گزارا ہے، بڑی قربانیاں دی ہیں۔ اللہ آپ کو وہ دن کبھی نہ دکھائے جو پیپلز پارٹی نے دیکھے ہیں۔ جو ہمارے شہید ذوالفقار علی بھٹو نے دیکھے ہیں لیکن انہوں نے تاریخ سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا اور نہ محترمہ شہید نے کیا۔ ایک نے دہشت گردی کے سامنے نہتے کھڑے ہو کر اپنی زندگی دی ہے، شہادت دی ہے اور دوسرے نے خود پیالہ نوش کیا۔ کسی سے compromise نہیں کیا۔ کن کن حالتوں میں جیلوں میں رکھتے تھے۔ سکھر کے temperature میں محترمہ شہید کو رکھتے تھے، وہ کہتی تھیں کہ ٹھیک ہے میں ویسے ہی پانی پیوں گی، لوگوں کو پتا نہیں، آپ check کر لیں گے، وہ کہتی تھیں کہ آپ مجھے پانی دے دیں، میں وہی پانی پیوں گی جو میرے ساتھ میں ساتھیوں کو مل رہا ہے۔ ہم نے اسی طرح سیکھا ہے کہ ٹھیک ہے، برا وقت سب پر آتا ہے۔ ہمیں پتا ہے کہ برا وقت سب پر آتا ہے، بار بار ہم اسے جھیل چکے ہیں۔ زرداری صاحب جھیل چکے ہیں، بارہ بارہ سال جیل میں گزارے ہیں۔ اب ان کا کھانا بھی ایک طریقے کا ہو گیا کیونکہ انہوں نے اپنی ساری جوانی جیل میں گزار دی ہے لیکن کبھی ماتھے پر شکن نہیں آنے دی۔ کبھی کسی سے بدتمیزی نہیں کی، بدکلامی نہیں کی۔ جنہوں نے ان کو گالی دی، انہوں نے بعد میں اسے گلے لگایا۔ آکر کہا ہے کہ پاکستان کھپے، جب ملک جل رہا تھا۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ پیپلز پارٹی ملک کو اڑا کر نہیں رکھ دیتی۔ پورا ملک جل رہا تھا، پیپلز پارٹی کی جھنڈے کے بغیر ہماری families نہیں گزر سکتی تھیں جب گاڑیاں سندھ جا رہی تھیں۔ اندھیرا ہوا کرتا تھا، petrol pumps پر، جگہ جگہ آگ لگی ہوئی تھی۔ کیا ہم نہیں اڑا کر رکھ سکتے تھے؟ بالکل اڑا کر رکھ سکتے تھے لیکن جہاز پہنچتے ہی زرداری صاحب نے کہا کہ ہم سب کو غم و غصہ ہے، ہم نے shock absorb بھی نہیں کیا تھا، میں اس وقت سیکرٹری اطلاعات تھی، مجھے سارا deal کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ شیری! آپ language کو تحمل سے رکھیں۔ ویسے بھی اس قت میں رکھنا چاہیے۔ مجھے ابھی کسی نے کہا کہ آپ لوگوں کو change نہیں کر سکتے جب ان کی پرورش ہی ایسی ہو۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہم میں اتنی صلاحیت ہے، I believe that human beings can be better. Mr. Deputy Chairman! We

can all aspire to be better. یہ کوئی پیدائشی صفت ہو گی۔ ہم سب فرشتے پیدا نہیں ہوتے، کم از کم میں فرشتہ پیدا نہیں ہوئی۔ میں ساری زندگی سیکھوں گی اور ساری زندگی کوشش میں رہوں گی کہ کم از کم میرے اعمال نیک ہوں لیکن نہیں ہوتا تو معافی مانگ لیں، میں معافی مانگنے کو تیار ہوتی ہوں لیکن آپ کا تکبر ناک سے نہیں اترتا کیوں کہ آپ کو یہ instructions ہیں۔ اچھے خاصے لوگ میرے سامنے ہیں، میں ان کا نام نہیں لوں گی ان کی nature تبدیل ہوتے دیکھا ہے، شکل بدل گئی ہے، لوگوں کی nature تبدیل کرتے ہیں۔ ان کی یہ پرورش ہو رہی ہے، ان کی پرورش بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔ People are not born evil, they are born fair and just, and time and the world corrupts them. That things happen to people. Maybe I am wrong, I am just a one-sided philosopher who thinks humanity is good because a lot of humanity is bad, and a lot of philosophers think humanity is also bad. So, there is a dark and there is a light. I think that we can all go towards the light. I have seen people change, made to change in this House کہ آپ نے سختی کرنی ہے اور آپ نے یہ کرنا ہے۔ آپ کو سختی کے لیے کوئی بھی یاد نہیں کرے گا۔ میری زبان بہت سخت ہو سکتی ہے مگر specially ایسے وقت میں اچھا تو نہیں لگے گا۔ آپ اقتدار میں ہوں گے تو میں پھر سے آپ کو اڑا کر رکھ دوں گی۔ پہلے کرتی تھی اب پھر کروں گی کیونکہ ایک وقت آتا ہے کہ سب کچھ بدلتا ہے۔ یہ ہم سب جانتے ہیں لیکن میں اس وقت آپ کو نہیں اڑا رہی ہوں۔ ہم آپ کے لیے بات کر رہے ہیں۔ محسن عزیز یہ مذاق نہیں ہے، اگر آپ نے تبدیل بھی ہونا ہے، میرے بھائی، I request the Chair آپ نے تبدیل بھی ہونا ہے۔ آپ روز اڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، نہیں جب آپ لوگ بات کر رہے تھے تو یہ آپ کو سن رہی تھیں، آپ بھی ان کو سنیں۔ آپ اپنے نمبر پر بات کریں۔

سینیٹر شیری رحمان: یہ حق ہے، opposition ضرور کرے لیکن جب آپ arrest ہو رہے ہیں، جب آپ کے parliamentarians احاطے میں arrest ہوئے ہیں تو ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں لیکن میں بالکل بھی agree نہیں کرتی جو میں کہنا چاہوں گی کہ NAB laws پر جو آپ تنقید کرتے تھے، جو آپ نے change کیے تھے، اب آپ ہمارے laws سے ضرور مستفید ہوں گے۔ آپ کے جلسے میں جو وہاں پر ہوا ہے، پشاور میں یا جہاں پر بھی ہے، sorry اسلام آباد میں جو فصیلوں پر ہو رہا تھا، آپ مجھے بتائیں کہ گنڈاپور صاحب کی زبان کہاں سے acceptable تھی؟ مذمت تو چھوڑیں لیکن میں نے پاکستان میں کبھی ایسی زبان کسی sitting CM سے نہیں سنی ہے۔ آپ نئے standards نہ لائیں۔ وہ مذمت کے مستحق نہیں تھی اور بہت کچھ لوگ کہہ سکتے تھے لیکن ہم اس level پر اتریں تو I am allowing you, I am allowing Gandapur’s politics, I want this dirty politics doesn’t become me to say but his gross language to make me a lesser person. I won’t let that happen to me.

ٹھیک ہے کہ crises میں ہی لوگ کندن بنتے ہیں۔ ایسے صبح اٹھ کر نہیں بنتے and crises میں ہی آپ کا امتحان ہوتا ہے کہ آپ کا اصل character کیا ہے اور آپ کی اصل صفت کیا ہے؟ انہوں نے صحافیوں اور خواتین کے خلاف جو زبان استعمال کی ہے، میں نے کبھی سیاست میں کسی با اقتدار office holder سے نہیں سنی۔ اس دن تو مجھے پتا نہیں تھا میں chair کر رہی تھی، gallery کیوں گئی؟ مجھے بار بار Leader of the Opposition کہہ رہے تھے کہ ان سے پوچھو، میں نے ممبرز کو بھیجا تو کسی نے بھی بات نہیں کی۔ وہ گنڈاپور کی غلیظ زبان سن کر گئے تھے، اس کی protest میں یہ ان کا مذمتی احتجاج اور walkout تھا۔ آپ اس کی ان سے معافی تو مانگیں۔ آپ معافی مانگنے سے چھوٹے نہیں ہو جائیں گے۔ معافی مانگ کر کوئی بھی چھوٹا نہیں ہوگا۔

خواتین کے بارے میں یہ جماعت بار بار توہین آمیز الفاظ استعمال کرتی ہے۔ ایک MNA نے Finance Committee میں کسی کے کپڑوں پر object کیا، بھائی آپ کون ہوتے ہیں؟ خواتین کی bodies پر حکم چلا رہے ہیں۔ آپ کون ہوتے ہیں؟ آپ پولیس والے لگے ہوئے ہیں؟ This is the Pakistan. یہاں پر یہ نہیں ہوگا۔ جو بھی خواتین تھیں، میں نے ان کے

کپڑے دیکھے، کوئی بھی objectionable نہیں تھے لیکن انہوں نے کہا خواتین کو تو ایسا نہیں کرنا چاہیے because this is the same party whose leader said کہ مرد تو دیکھے گا۔ اگر عورت ایسے کپڑے پہنے گی تو rape تو ہوگا۔ وہ ایسی باتیں کرتے رہے ہیں۔ یہ ایسی باتیں کرتے رہے ہیں۔ ان باتوں سے گریز کریں اور عوام سے معافی مانگیں۔ کچھ نہیں ہوگا، معافی مانگنے سے آپ چھوٹے نہیں ہو جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

Senator Sherry Rehman: I have spoken a lot, I will now stop. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر حامد خان صاحب، نہیں ہے؟

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک یہاں سے کرے گا اور ایک وہاں سے کرے گا۔ حامد خان صاحب یہ بیٹھے ہوئے ہیں؟ چلیں سینیٹر جان بلیدی صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ اس کو بات کرنے دیں، آپ جان بلیدی صاحب کو بات کرنے دیں یہ پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ہیں۔

**Senator Jan Muhammad**

سینیٹر جان محمد: شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے مجھے بات کرنے کی اجازت دی۔ میری خیال میں آج بڑی تسلی سے خوشگوار ماحول میں ہم ایک دوسرے کو سن رہے ہیں۔ ہمیں ایک دوسرے کا بالکل اسی طرح سے خیال رکھنا چاہیے اور یہ بھی کوشش کرنی چاہیے کہ کوئی غلط بات نہ کریں کہ جس سے ایوان کا ماحول خراب ہو۔

میرے بہت ہی قابل دو دوست، عرفان صدیقی صاحب اور علی ظفر صاحب نے بہت خوبصورت باتیں کیں۔ انہوں نے پارلیمنٹ پر جو حملہ ہوا اور جو پارلیمنٹ کی بے توقیری ہوئی، اس حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ہم بھی سمجھتے ہیں کہ پارلیمان کو، جس کی supremacy کے لیے ہم پوری جدوجہد کرتے ہیں، قانون کی حکمرانی کے لیے کرتے ہیں، تو کسی کو بھی اجازت نہیں ہونی چاہیے کہ اس کے تقدس کو پامال کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ ہوا وہ بہت ہی قابل مذمت ہے۔ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ جنہوں نے کیا اور جو اس میں ملوث پائے جائیں گے، inquiry ہو رہی ہے اور ہونی چاہیے، جو بھی اس میں ملوث ہوں گے ان کے خلاف قانونی کارروائی ہو اور جو ذمہ دار ہیں ان پر اخلاقی ذمہ داری علی ظفر صاحب نے دی۔ دیکھیں یہ چھوٹی بات نہیں ہے اگر میں وزیر ہوں میں ذمہ دار ہوں، میری موجودگی میں کوئی آکر پارلیمنٹ پر حملہ کرتا ہے تو اس کی کسی صورت میں بھی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ دیکھیں، یہ بات درست نہیں ہے۔ ہم سمجھیں کہ گھر بھی ایسا ہی ہے، پارلیمنٹ بھی ایسا ہی ہے اور مسجد بھی ایسی ہی ہے۔ نہیں، ہر ایک کا اپنا الگ ہی تقدس ہے اور ہمیں اس تقدس کا پاس رکھنے کی ضرورت ہے۔

ہم عدم تشدد پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں اور ہم اسی طرح politics اور سیاست کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک جمہوری ملک ہے اور آج دیکھیں یہاں پر پارلیمنٹ کی بالادستی ہے، قانون کی حکمرانی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان کو pressure میں لایا گیا ہے لیکن عملاً جو نظر آتا ہے وہ قانون کی بالادستی ہے اور وہ آئین کی بالادستی ہے۔ سب کچھ آئین اور قانون کے مطابق ہو رہا ہے۔ Political government یہ فیصلے کر رہی ہے۔ ان دونوں کی باتوں میں جو negative بات تھی وہ بھی اپنی جگہ حقیقت ہے، آج جو ہو رہا ہے وہ بھی غلط اور کل جو ہو رہا تھا وہ بھی غلط۔ ہمیں سیکھنا چاہیے۔ اس میں ہمیں ایک دوسرے کو ڈرانا نہیں چاہیے کہ میرے ساتھ جو ہو رہا ہے آگے جا کر آپ کو بھی یہ برداشت کرنا پڑے گا۔ نہیں، ہمیں دنیا سے سیکھنا چاہیے۔ نیلسن منڈیلا سے سیکھنا چاہیے۔ آپ دیکھیں کہ نیلسن منڈیلا کے ساتھ جنہوں نے زیادتی کی، اس نے ان میں سے ایک شخص کے خلاف بھی کارروائی نہیں کی۔ جو اس کو روز آکر پیٹتے تھے۔ آپ اندازہ کریں کہ اتنے بڑے اور طاقتور leader کو، جب وہ جیل میں تھا، تو جو سپاہی اس کو روز آکر پیٹتا تھا اس کو بھی اس نے کچھ نہیں کیا۔ تو ہمیں ان صاحب سے سیکھنا چاہیے اور ہمیں آگے کی طرف بڑھنا چاہیے۔

یہاں صورت حال بہت گھمبیر ہے۔ ہم بار بار کہتے ہیں کہ جمہوریت کو جو خطرات ہیں، جن کا ذکر ایمل ولی کی طرف سے کیا گیا، وہ مشکلات ہیں۔ جس طرح خیبر پختونخوا میں ہیں، ہم بار بار کہہ رہے ہیں، اسی طرح بلوچستان میں ہیں۔ بلوچستان میں یک جہتی کے حوالے سے ایک march ہوا۔ اس march کو جس طرح روکا گیا وہ اپنی جگہ ہے۔ آج اس march میں جو لوگ شامل تھے یا نہیں تھے، جس میں صحافی بھی ہیں، طالب علم بھی ہیں، سیاست دان بھی ہیں، آج ان تین ہزار سے زیادہ لوگوں کے نام 4th schedule میں ڈالے گئے ہیں، جو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک زیادتی ہے۔ آپ لوگوں کو پاکستان کے خلاف کھڑے ہونے کے لیے دھکیل رہے ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب کی آذان سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

سینیٹر جان محمد: میں یہ سمجھتا ہوں کہ سیاسی پارٹیوں، سیاسی کارکنوں، سیاسی تنظیموں اور media کے خلاف جو طریقہ کار اپنایا جا رہا ہے، اس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اب سیکھنا چاہیے۔ ہم نے 1973 میں یہ Constitution بنایا ہے، ٹھیک ہے اس میں مختلف ادوار میں مشکلات آئی ہیں۔ Martial Laws بھی آئے ہیں اور اسی آئین کے ہوتے ہوئے ہمارے leaders کو پھانسیاں بھی ہوئی ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے لیکن آج قانون کی حکمرانی ایک بہتر شکل میں ہے۔ آج پارلیمان ایک بہتر شکل میں ہے۔ آج ادارے ایک بہتر شکل میں ہیں۔ آج political process ایک بہتر شکل میں ہے۔ آج ہمیں اس political process کو اور آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ان جلسے، جلوسوں، media اور talk shows پر پابندی کو اب ختم کرنا چاہیے۔ یہ سلسلے اب بند ہونے چاہییں۔

یہ ملک اب اس طرح نہیں چلے گا جو بھی اپنی بات کرے تو آپ اسے 4th schedule میں ڈال دیں۔ کوئی اپنی بات کرے تو آپ warrant جاری کر دیں۔ کوئی بات کرے تو آپ ڈنڈا اُٹھا کر آ جائیں۔ ٹھیک ہے کہ جس کے خلاف warrant ہے یا case ہے، تو ان کے لیے عدالت ہے، قانون ہے اور سب طریقے ہیں۔ ہماری ریاستوں کو اور حکومتوں کو یہ بات سمجھنے کی ضرورت

ہے کہ اس ملک کو ہم police state نہ بنائیں۔ اس کو عوام کے لیے بنائیں، لوگوں کے لیے بنائیں اور جمہوریت کے لیے بنائیں۔ سب کو موقع دیں کہ وہ آکر اپنی بات کر سکیں، اپنا احتجاج کر سکیں اور اپنی سیاست کر سکیں۔ آپ سب کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ میرے خیال میں اگر آپ لوگوں کی اجازت ہو تو ایک یہاں سے اور ایک وہاں سے۔ جی سینیٹر پونجو صاحب۔ اس کے بعد آپ کر لیں۔ آپ لوگ بتا دیں، آپ میں سے جو بھی کرنا چاہے گا میں اجازت دوں گا۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجو: چیئرمین صاحب! آپ کی بڑی مہربانی۔ یہ جو پارلیمان پر ایک واقعہ ہوا ہے، میں اس کو اپنے حساب سے حملہ ہی کہوں گا جی، جس طریقے سے وہ ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مختصر بات کریں گے۔ بہت time ہو چکا ہے۔

سینیٹر پونجو: جی ٹھیک ہے۔ تو جناب میں اس کی پر زور مذمت کرتا ہوں۔ اس پر چند اشعار ہیں جو میں مناسب سمجھتا ہوں کہ یہاں پر پڑھوں؛

یہ کیا کہ سورج پہ گھر بنانا
اور پھر اُس پہ چھاؤں تلاش کرنا
کھڑے بھی ہونا تو دَلدَلوں پہ
پھر اپنے پاؤں تلاش کرنا
کبھی تو بیعت فروخت کر دی
میرے وکیلوں نے میرے ہونے کی سب دلیلیں فروخت کر دیں
وہ اپنے سورج تو کیا جلاتے
میرے چراغوں کو بیچ ڈالا
فراک اپنے بچا کے رکھے

## میری سبیلیں فروخت کردیں

ڈپٹی چیئرمین صاحب ! میرا تسلسل اور تعلق بھی اسی پارٹی سے ہے جس کے لیے یہ اشعار مناسب تھے۔ ان سب نے اپنی پارٹی کے لیے جدوجہد کی اور تاریخ گواہ ہے کہ انہوں نے کبھی بھی تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کوئی حادثاتی leader نہیں تھے۔ ان کے بڑوں نے جوناگڑھ میں حکمرانی کی تھی، جوناگڑھ میں ان کی بادشاہت تھی اور جب وہ یہاں پاکستان میں آئے تھے تو سر شاہنواز بھی British government میں وزیر رہے لیکن انہوں نے عوام کے ساتھ مل کر سیاست کی۔ عوام کی رائے کے مطابق سیاست کی۔ انہوں نے اپنے مفاد کی خاطر سیاست نہیں کی۔ جناب ! ان تمام وجوہات کی بنا پر آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی، سماجی اور اچھی روایات قائم کرنے والی جماعت سمجھی جاتی ہے۔

جناب، یہ نیا واقعہ نہیں ہے۔ یہ جو ابھی واقعہ ہوا ہے، اس پر ہم تمام پریشان ہیں اور اس پر ہم نے آج یہاں Resolution پیش کی ہے لیکن اس طرح کے واقعات کو سب سے زیادہ ہماری پارٹی نے بھگتا ہے۔ آج ہمارے ساتھ یہاں سینیٹر مسرور احسن بیٹھے تھے جو ابھی کہیں گئے ہیں، جب انہوں نے یہاں حلف اٹھایا تو انہیں حلف اٹھاتے ہی اندر سے گرفتار کرکے لے گئے اور پھر کتنے عرصے تک وہ جیل میں رہے۔ ان کا یہاں سے Production Order نہیں نکالا جاتا تھا۔ ان کو یہاں نہیں لے کر آتے تھے۔ اس کے بعد ان پر بیس سے زائد cases بنائے گئے۔ یہ وہ دور تھا جس میں ان لوگوں نے بھگتا۔

ہماری پاکستان پیپلز پارٹی کے بہت سے leaders ہیں جنہوں نے اپنے MPAs اور MNAs کے دور میں، جب جام صادق نے اپنے لوگوں کو توڑنا شروع کر دیا اور حکومت تبدیل کرنے کا کہا اور اپنی حکمرانی قائم کی، تو اس دور میں ہمارے لوگوں نے بہت تکالیف برداشت کیں لیکن ہم نے جمہوریت کا دامن تھامے رکھا۔ جمہوریت کے خلاف سازش نہیں کی۔ ہم اپنے لوگوں کو اس انداز سے سڑکوں پر نہیں لے کر آئے۔ آپ نے دیکھا کہ MRD کی تحریک چلی تھی لیکن ہمارے لوگوں نے ایسی کوئی بات نہیں کی۔ ہم پرسکون اور اپنی سوچ کے مطابق رہے کہ اس ملک کو بچانا ہے اور اس ملک کو مضبوط کرنا ہے۔ تو ہم اپنے لوگوں کی رائے کے مطابق چلیں گے۔

بہت ساری political parties ہیں لیکن میں اپنے دوستوں کو کہتا ہوں کہ آپ کے ساتھ تو کچھ بھی نہیں ہوا۔ ایک دن گئے اور دوسرے دن واپس آ گئے۔ آپ کے سامنے جو cases ہوئے ہیں ان کا آپ کو پتا ہے لیکن میں ان cases کی بات کر رہا ہوں جن میں لوگوں کو گیارہ گیارہ سال جیلوں میں رکھا گیا۔ ادی فریال تالپور MPA تھیں لیکن ان کو ہسپتال سے عید کی چاند رات کو جس طرح سے لے کر گئے، اس طرح تو کسی دشمن کو بھی نہیں لے کر جاتے۔ ہمارے دشمن ملکوں کے لئے بھی ایسا رواج نہیں قائم کیا گیا لیکن وہ بھی ہم نے برداشت کیا۔ اگر اُس زمانے میں بلاول بھٹو زرداری، جن کی وہ پھوپھی تھیں، اگر وہ چاہتے تو ملک کے حالات خراب ہو جاتے لیکن ہم نے وہ کام نہیں کیا۔ میں اپنے دوستوں کو کہتا ہوں کہ مہربانی کرکے خواتین کا احترام کریں، آپ کی پارٹی میں خواتین کے لیے احترام نہیں ہے۔ ہماری جیسے تربیت ہوئی ہے، ہم خواتین کے حقوق کی بات کرتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کو اولیت دی ہے۔

جناب چیئر مین! اس وقت جو صورت حال ہوئی ہے، ہم یہاں جو بات کرتے ہیں، شبلی فراز صاحب جن کی family کا بڑا نام ہے، وہ موجود ہیں، علی ظفر صاحب بیٹھے ہوئے، بہت سارے پڑھے لکھے خاندان، پاکستان کے لیے قربانیاں دینے والے خاندانوں کے لوگ اُس طرف موجود ہیں لیکن وہ کیوں ایسا کرتے ہیں؟ میں معذرت کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں، ایک، دو لوگ ہیں میں ان کے نام نہیں لیتا، انہوں نے مجھے کہا کہ اگر ہم ایسے نہیں کریں گے تو ہمارا لیڈر آئندہ ہمیں ٹکٹ نہیں دے گا، ہمیں یہ کرنا پڑتا ہے۔ خواتین یہاں گالیاں دے رہی ہیں، ہماری بہنیں ہیں، ہم سن رہے ہیں، ہم نے کبھی بات نہیں کی۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: آپ personal نہ جائیں، آپ اصل issue پر آئیں، ماحول کو اسی طرح چلنے دیں۔

سینیٹر پونجو: جناب والا! میں personal نہیں ہو رہا ہوں، میں خواتین کی بات کر رہا ہوں، میں نے کسی کا نام نہیں لیا ہے۔ ہمارے ہاں بہت ساری خواتین ہیں لیکن ان کی اس طرح کی تربیت نہیں ہے، ہم نہیں کر سکتے۔ اس لیے آئیں اپنی پارٹی کے اندر جو ایسے لوگ ہیں ان کی تربیت کریں، جمہوری طریقہ کار ہے، اگر آپ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے تو ملک کے لوگ آپ کے ساتھ

کھڑے ہوں گے، ضرور کھڑے ہوں گے کیونکہ آپ کے ساتھ کوئی بھی زیادتی قبول نہیں کرے گا۔ کل ہمارے ساتھ زیادتیاں ہوئی تھیں، لوگوں نے انہیں قبول نہیں کیا تھا اور آپ نے دیکھا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی تو بہت سارے لوگ نکلے، اگر ہم اس طرح ہنگامہ کرتے تو شاید وہ لوگ ہمارے ساتھ کھڑے نہ ہوتے۔ آئیں ملک کے لیے لڑیں، اپنی ذات کے لیے نہ لڑیں۔ ان لوگوں کی تربیت ہونی چاہیے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ جو قرارداد آئی ہے اس کی حمایت کرتا ہوں اور ہم request کرتے ہیں کہ اپنے لوگوں میں بہتر رائے شماری کے لیے رائے عامہ جوڑیں تاکہ وہ ملک اور حقوق کے لیے لڑیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، علامہ ناصر عباس صاحب۔

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ مولا علیؑ کا قول ہے (عربی) مفہوم: حکمرانی کا جو آلہ، tool ہے وہ شرح صدر ہے، برداشت ہے، تحمل ہے، صبر ہے۔ آپ حکمران ہیں، تنقید ہو گی، صحیح بھی ہو گی اور غلط بھی ہو گی۔ حکمرانی کے لیے جہاں شجاعت چاہیے، جہاں انسان کا سخی ہونا ضروری ہے وہیں پر انسان کا شرح صدر رکھنے والا ہونا بھی ضروری ہے۔ آپ power میں ہیں، اقتدار آپ کے پاس ہے، لوگوں کو مختلف تکالیف ہوں گی، پریشانیاں ہوں گی، لوگ تنقید کریں گے، اعتراض کریں گے، صحیح یا غلط۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی حکومت باقی رہے، آپ کا اقتدار باقی رہے، یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہے تو آپ کو تنگ نظری سے نکلنا ہو گا، آپ کو سینہ کشادہ رکھنا ہو گا، اگر آپ چاہتے ہیں تو۔

جناب والا! جمہوریت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جمہوریت ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا نام ہے، مختلف تعریفیں کی جاتی ہیں۔ آپ دیکھیں کہ آٹھ ستمبر کو جلسے کی اجازت دی گئی، میں خود اس میں گیا چونکہ میں اسلام آباد، راولپنڈی کا رہنے والا ہوں، سات سو سالوں سے ہمارا خاندان نسل در نسل یہاں پر ہے۔ جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب! آپ یقین کریں وہاں جانا بہت مشکل تھا، عورتوں کے لیے، بچوں کے لیے، نوجوانوں کے لیے، اتنی رکاوٹیں کھڑی کی گئی تھیں۔ جب آپ جمہوریت یعنی الیکشن کے ذریعے تبدیلی کے راستے بند کر دیں گے، جب آپ عدلیہ کے ذریعے تبدیلی

کے سارے راستے بند کر دیں گے، جب آپ پارلیمنٹ کا تقدس ختم کر دیں گے، اس پر حملے شروع ہو جائیں گے، اس کے اندر سے لوگوں کو گرفتار کیا جائے گا، دنیا ہمارا یہ کردار دیکھ رہی ہے۔ پاکستان کے عوام کی 60 to 70% تعداد جوانوں پر مشتمل ہے۔ آٹھ فروری کو الیکشن ہوتا ہے اور نو فروری کو change ہو جاتا ہے۔ لوگوں کو اجازت دیں کہ لوگ گھروں سے باہر نکلیں، اپنا احتجاج positive طریقے سے کریں، اسی سے چیزیں آگے بڑھتی ہیں لیکن راستے روکے جاتے ہیں۔ جب یہ راستے روک دیے جاتے ہیں، لوگ اگر پارلیمنٹ سے مایوس ہو گئے، الیکشن کے ذریعے change لانے سے مایوس ہو گئے، آپ بتائیں پھر ان کے لیے کون سا راستہ ہو گا؟

جناب چیئرمین! یہاں treasury benches سے خطاب ہوا کہ قائداعظم نے کہاں احتجاج کیا، ابھی پارہ چنار میں پچاس لوگ مارے گئے ہیں، وہاں کے لوگ Press Club کے باہر بیس دنوں سے بیٹھے ہوئے تھے، کوئی سننے والا نہیں ہے، پرسوں انہیں کہا گیا کہ یہاں قانون بن گیا ہے کہ اگر آپ بیٹھیں گے تو آپ کو گرفتار کریں گے اور آپ تین سالوں کے لیے جیل جائیں گے۔ انہوں نے DC کو، پولیس کو درخواست دی، وہ امن کے لیے بیٹھے ہوئے تھے لیکن اجازت نہیں دی گئی۔ آپ نے اس دن منٹوں میں قانون بنایا، ہمارے بنیادی حقوق پر ڈاکا ڈال دیا ہے۔ جن کے ہاتھ میں قانون ہے وہ misuse کریں گے، اچھی تربیت نہیں کی گئی ہے۔ جب آپ سب راستے بند کر دیں گے تو پھر لوگ کس طرح اپنے حقوق کے لیے اٹھیں گے؟ نہ جلسہ کر سکتے ہیں اور نہ جلوس نکال سکتے ہیں، آپ اپنے عوام پر اعتماد کیوں نہیں کرتے؟ جناب والا! ابھی علی ظفر صاحب جب بات کر رہے تھے تو وہ یہی کہہ رہے تھے کہ لوگوں کے پاس کون سا راستہ باقی بچا ہے؟ جب الیکشن کے ذریعے change نہ لا سکیں، آپ عدلیہ کے لیے ایسی قانون سازی کر دیں گے جو مرضی ہوتا رہے۔ انہیں عدلیہ کے ذریعے انصاف نہ ملے۔ پارلیمنٹ اپنا اعتبار کھو بیٹھی ہے، جب پارلیمنٹ ایسی قانون سازی کرے گی جس سے عوام کو فائدہ نہیں ہو گا بلکہ عوام کو ایک پنجرے میں بند کر دیا جائے گا تو پھر عوام کیسے اعتبار کریں گے؟ کل پارلیمنٹ کے نمائندوں پر جب کوئی مشکل آئے گی تو پھر عوام ان کے ساتھ کھڑے نہیں ہوں گے، وہ اکیلے ہو جائیں گے۔

جناب والا! کہا جاتا ہے کہ فلاں کو پھانسی دی جائے گی، کیا انہیں بھٹو کی پھانسی کافی نہیں تھی، کیا انہیں بے نظیر کا قتل کافی نہیں تھا، اکبر بگٹی کا مارا جانا کافی نہیں تھا؟ اب ایک اور کو مارنا چاہتے ہیں، اس ملک کو تباہ کرنا چاہتے ہیں، قتل اور پھانسی دینے کی باتیں اب ختم کریں، پاکستان کو بچانے کی بات کریں۔ ایمل ولی خان کی باتیں بہت زبردست تھیں، میں ان کی تائید کرتا ہوں۔ آپ بلوچستان کو دیکھ لیں، خیبر پختونخوا کو دیکھ لیں، پنجاب کا بھی یہی حال ہے۔ آپ لوگوں کے پاس جائیں دیکھیں کہ لوگ کس طرح مہنگائی کی چکی میں پِس رہے ہیں، یہاں عوام کو relief دینے کی کون سی باتیں ہو رہی ہیں؟ لوگ احتجاج بھی نہ کریں، وہ کیوں احتجاج نہ کریں، کیا ان کے fundamental rights میں یہ نہیں ہے کہ وہ احتجاج کریں۔ لوگوں کو احتجاج کرنے دیں، اگر احتجاج نہیں کرنے دیں گے تو لوگ پہلے پتھر اٹھائیں گے پھر اسلحہ اٹھائیں گے، پورا پاکستان بلوچستان بنے گا، پورا پاکستان پھر غزہ بنے گا۔

میری گزارش ہے کہ اگر ہم واقعی جمہوریت پر یقین اور ایمان رکھتے ہیں تو یہاں جمہوری زندگی گزارنے کا موقع دیں، جمہوری اقدار کے ساتھ آگے بڑھنے کا موقع دیں، ہمارا ملک بہت خوبصورت ہے، بہت بہترین ہے۔ میں آٹھ ستمبر کو وہاں گیا، مجھے افسوس ہوا کہ جہاں جگہ دی گئی، جہاں اجتماع ہوا، لوگ کیسے پہنچے، یہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ کل اگر مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ایسا ہی ہوگا، ہم اس کا دفاع کریں گے، اگر پیپلز پارٹی کے ساتھ ہوگا تو ہم اس کا دفاع کریں گے۔ یہ سب کا بنیادی حق ہے، اس ظلم کے خلاف سب کو بولنا چاہیے، جیسے پہلے بات ہو رہی تھی کہ ظلم، ظلم ہی ہے جہاں بھی ہو۔ میں تو پہلی مرتبہ پارلیمنٹ میں آیا ہوں، مجھے بعض اوقات یہاں کی صورت حال دیکھ کر افسوس ہونے لگتا ہے، یہ تو ایوان بالا ہے، عوام دیکھتے ہیں۔ ہم نے عوام کے لیے کون سا کام کیا ہے، ہم جن کے نمائندے ہیں؟ میری گزارش ہے کہ انقلاب آجاتا ہے، ایران میں بھی جب انقلاب آیا تو چھ مہینے میں انقلاب آیا تھا، نہ شاہ کو پتا تھا، نہ CIA کو پتا تھا اور نہ موساد کو پتا تھا، کسی کو نہیں پتا تھا، اللہ کا ایک نظام ہے، اللہ کی تکوین ہے، اللہ کی سنن ہے، اللہ کے قوانین تبدیل نہیں ہوتے، جب وہ آتے ہیں تو وہ اٹل ہوتے ہیں۔ آپ براہ مہربانی کوئی راستہ کھولیں، way out دیں، بند گلی میں سب کو نہ لے کر جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: علامہ صاحب! مختصر بات کریں، باقی دوست بھی ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ جو پارلیمنٹ میں ہوا، وہ قابل مذمت ہے، پارلیمنٹ کے اندر گھسنا قابل مذمت ہے، لوگوں کو اٹھانا، نقاب پوشوں کا آنا، قابل مذمت ہے۔ ایمل ولی نے صحیح کہا کہ جتنے بھی ظلم ہوئے، ذوالفقار علی بھٹو کو سیاست دانوں نے پھانسی نہیں لگایا، Establishment نے پھانسی لگوایا تھا اور آج تک جتنے بھی ظلم ہوئے ہیں ان کے پیچھے Establishment ہے۔ ابھی بھی لوگوں کے ساتھ سختیاں ہو رہی ہیں، انہیں بلایا جا رہا ہے، calls کی جا رہی ہیں، انہیں بٹھایا جا رہا ہے، یہ Establishment کر رہی ہے۔ لہٰذا ہم سب کی ذمہ داری ہے، ہم اپنی ذمہ داریوں کو سرانجام دیں، سیاست دان بنیں، parliamentarians بنیں، اپنے حقوق کے لیے اٹھیں، عوام بھی اپنے حقوق کے لیے اٹھے، کسی کو power میں encroachment نہ کرنے دیں، چاہے وہ کوئی جنرل ہے، چاہے وہ کوئی جج ہے، چاہے وہ کوئی bureaucrat ہے، سیاست دان اپنے domain میں کسی کو نہ آنے دیں، اسی سے ہمارا ملک جیتے گا، بنے گا، آگے بڑھے گا ورنہ یہ ملک تباہ ہو جائے گا اور اسے تباہی سے کوئی نہیں روک سکتا ہے۔ اس لیے میری دونوں طرف گزارش ہے کہ ہمیں ایک دوسرے کا احترام بھی کرنا چاہیے، محبت کرنی چاہیے، اختلاف رائے کرنا چاہیے، اختلاف رائے کے اصول دیے گئے ہیں، اخلاقیات دی گئی ہیں۔ ان شاء اللہ، مجھے امید ہے کہ عاقل prevail کرے گا، عادل prevail کرے گا، ان شاء اللہ العزیز، ظلم مٹے گا اور ہم مٹائیں گے اور اس ظلم کا راستہ روکیں گے۔ ان شاء اللہ العزیز، لاقانونیت کا راستہ روکیں گے۔ یہ ہمارا حق بھی ہے، ہماری ذمہ داری بھی ہے اور ہماری duty بھی ہے۔

جناب! میری آخری بات یہ ہے کہ یہاں پر شیری رحمان صاحبہ بیٹھی ہیں، جناب عرفان صدیقی صاحب بیٹھے ہیں۔ ہم Press Club کے باہر کرم ایجنسی میں امن کے لیے احتجاج کر رہے تھے، وہاں پر 50 بندے مارے گئے ہیں اور 150 لوگ زخمی ہوئے ہیں، ہم احتجاج کرنا چاہتے ہیں، دھرنا دینا چاہتے ہیں، بیٹھے رہنا چاہتے ہیں۔ آپ ہمیں اسلام آباد کی انتظامیہ سے اجازت لے کر دیں، وہ ہمیں اجازت نہیں دے رہے، ہم پرامن ہیں، ہم بیس دن سے پرامن بیٹھے ہوئے تھے، کچھ بھی

نہیں ہوا تھا۔ یہ جو قانون pass کیا گیا ہے، اس قانون نے ہمارے حق پر ڈاکا ڈالا ہے، مظلوموں کے حق پر ڈاکا ڈالا ہے اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ ہمیں Press Club کے باہر احتجاج کرنے کی اجازت لے کر دیں، ہمارا یہ حق ہے کیونکہ آپ کی انتظامیہ اجازت نہیں دی رہی اور DC اجازت نہیں دے رہا چونکہ DC کا اختیار ہی نہیں ہے، کمشنر اجازت نہیں دے رہا کیونکہ اس کا اختیار ہی نہیں ہے، وہ اوپر کے order کے بغیر ہل نہیں سکتا۔ میری گزارش ہے کہ مہربانی کریں، مل کر رہیں، ایک دوسرے کے حق کا دفاع کریں۔ واللہ بخدا، اگر میرے کسی کے ساتھ کوئی دشمنی بھی ہے، اس طرف سے اگر کوئی کسی کے ساتھ زیادتی کرے گا، میں اس کے ساتھ کھڑا ہوں گا، میں بداخلاقی کے خلاف ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا، رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ (عربی) مجھے اس لیے مبعوث کیا گیا ہے کہ میں کریمانہ اخلاق و کمال دوں، بلندیوں تک لے جاؤں۔ ہمیں سکھایا گیا کہ اختلاف بھی کیسے کرنا ہے، ہمارے آپس میں رشتے ہیں، ہم ایک گھر میں رہتے ہیں، ہم ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ لہٰذا، کوئی بھی بداخلاقی کرے، وہ قابل مذمت ہے، چاہے پارلیمنٹ کے اندر کرے، چاہے پارلیمنٹ کے باہر کرے لیکن جو جرم اور گناہ ہوتے ہیں، درجہ بدرجہ ہوتے ہیں۔ پارلیمنٹ میں گھس کر گرفتار کرنا، سب سے بڑا جرم ہے اور قابل مذمت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: علامہ صاحب! آپ کا بہت شکریہ۔ سینیٹر ناصر محمود صاحب۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! آپ کا شکریہ۔ میں آج راجہ ناصر عباس صاحب کی باتیں سن رہا تھا اور یہ feel ہو رہا تھا کہ شاید ہم کسی ایسی جگہ پر باتیں کر رہے ہیں۔ ہم کل تک جو کچھ کرتے رہے ہیں، ہمارے جو کچھ حالات تھے جو کچھ ہمارے ساتھ ہوا اور سب کے ساتھ ہوا۔ آپ وہ بھی دیکھیں کہ جب پارلیمنٹ لاجز میں PTI کے دور میں مولانا فضل رحمٰن کے رکن کو اٹھا کر ان کی پگڑیاں نیچے پھینک کر لے جاتے تھے۔ آپ کو اس وقت کا خیال کیوں نہیں آیا کہ علامہ راجا ناصر عباس صاحب ان کے ساتھ کچھ کریں کیونکہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ یہاں پر ایک دن میں ساٹھ، ساٹھ bills پیش ہوئے ہیں، آپ اس وقت کدھر تھے جب عدالت لوگوں کی چھ، چھ ماہ بات نہیں سنتی تھی، آپ اس وقت کہاں تھے۔

جناب! 8 ستمبر کو جو کچھ ہوا، مجھے نہیں لگتا کہ گنڈا پور کیا چاہتا ہے۔ آج کل وہ کہتا ہے کہ میں نے اپنی ایک خارجہ پالیسی بنانی ہے اور میں افغانستان میں جا کر ان سے بات کروں گا۔ بھائی تم کیا ہو؟ تم خارجہ پالیسی بناؤ، پھر پنجاب بھی خارجہ پالیسی بنائے گا، پھر سندھ بھی خارجہ پالیسی بنائے گا اور پھر بلوچستان بھی خارجہ پالیسی بنائے گا۔ آپ مجھے بتائیں کہ اس ملک میں کس کی خارجہ پالیسی چلے گی۔ خارجہ پالیسی وفاق کی چلتی ہے۔ مجھے ہمدردی ہے اور میں کہتا ہوں کہ اس طرح نہیں ہونا چاہیے۔ جو کل یہاں پارلیمنٹ میں ہوا ہے، جس طرح پولیس والوں نے ان لوگوں کو گرفتار کیا لیکن آپ history دیکھیں کہ آپ کیا کرتے رہے ہیں۔

کاش! آپ سمجھ جاتے کہ ہم اس ملک کو کس طرف لے کر جا رہے ہیں۔ شبلی فراز صاحب بیٹھے ہیں، چلیں یہ اکٹھے بیٹھنے کا وعدہ کر لیں جیسے عرفان صدیقی صاحب نے کہا کہ آج ہم بیٹھ کر ایک معاہدہ کر لیں کہ اپنی پارلیمنٹ کی عزت بچانے کے لیے اکٹھے ہو جائیں۔ ہم اس وقت بھی اکٹھے نہیں ہوئے جب دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے استحکام پاکستان Bill آیا۔ کاش! آپ ہمارا ساتھ دیتے تو آج ہم ان حالات سے نہ گزر رہے ہوتے لیکن جب آپ کو ضرورت ہوتی ہے تو آپ کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ پالیسی بنی چاہیے لیکن وہ بندہ جس کا نام گنڈا پور ہے، وہ اپنی زبان نہیں بولتا، وہ عمران خان کی زبان بولتا ہے۔ جو لوگوں کو گالیاں دیتا، پارلیمنٹ میں ان کو برا بھلا کہتا اور ان کی بے عزتی کرتا ہے، وہ ان کو شاباش دیتا ہے، اگر وہ اس چیز کو سمجھ جائے۔

جناب! گنڈا پور نے ہماری لیڈر مریم صاحبہ اور خواتین کے بارے میں جو کچھ کہا، آپ عورت کے بارے میں جو کچھ کہہ رہے ہو، تمہیں شرم آنی چاہیے۔ تم کہتے ہو کہ میں پشاور سے اس طرف آؤں گا تو پھر بیٹا تم واپس جا کر دکھانا۔ ہم تمہاری یہ لٹیں کاٹ دیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، نہیں اس طرح بات نہ کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: وہ کہتا ہے کہ میں بارات لے آؤں گا، اس کا یہ کام ہے۔ اس نے یہ کہا، اس کو شرم آنی چاہیے، ہم تو اس کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ آئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات سنیں جب چیئرمین صاحب چیئر کر رہے تھے تو دونوں اطراف سے ایک طریقہ کار طے ہوا کہ آپ اس کے اندر رہتے ہوئے ساری باتیں کریں، یہ دونوں اطراف سے ہونا چاہیے۔

سینیٹر ناصر محمود: آپ دیکھیں کہ اس طرح کی باتیں کرنا ایک لیڈر کا کام ہے اور لیڈر کبھی ایسی بات نہیں کرتے، ہمیں کبھی بھی یہ نہیں سکھایا جاتا۔ راجا عباس صاحب! آپ سنیں، آپ نے کتنی اچھی باتیں کی ہیں، آپ please ان پر عمل بھی کرا لیں۔ ایک دن میں ستر، ستر bills pass ہوتے تھے، آپ ان کو وہ بھی بتائیں، آپ اس وقت کدھر تھے، آپ ان کو روکتے اور ان کو سمجھاتے۔ مجھے یہ خوشی ہے کہ اگر حکومت اور اپوزیشن اس بات پر آ جائیں اور خدارا! آ جائیں کہ ہم نے اپنی پارلیمنٹ کی خود عزت کرانی ہے، اگر ہم نے اپنی پارلیمنٹ کی خود عزت نہیں کرائی تو کسی نے عزت نہیں کرنی۔ جو کچھ تین، چار دن میں ہوا، یہ 9 مئی ہے، اس کی سزا ملتی تو یہ 8 ستمبر کو گنڈا پور اس طرح کی باتیں نہ کرتا۔ اس کی باتوں کا ہمیں بہت افسوس ہے اور کسی نے یہ نہیں کہا کہ ہم گنڈا پور کی باتوں کو condemn کرتے ہیں اور ہم sorry کرتے ہیں کہ اس نے ایسی باتیں کیں۔ ہمیں بھی بڑی باتیں آتی ہیں لیکن اس طرح کی باتیں نہیں کرنی چاہئیں۔ مجھے بتائیں کہ وہ کس حیثیت سے کہہ رہا ہے کہ میں بلوچستان سے بات کروں گا، آپ مجھے بتائیں، صوبے ایسی بات کرتے ہیں پھر پنجاب بھی کہے گا، پھر سندھ بھی کہے گا کہ ہم خارجہ پالیسی بناتے ہیں۔ آپ ان کو بھی سمجھائیں، پارلیمنٹ کی عزت کرنا ہم سب کا فرض ہے لیکن گالی دینا، یہ آپ بھی condemn کریں اور آپ بولیں کہ جو کچھ گنڈا پور نے کیا ہے، وہ غلط کیا ہے۔ آپ کو چاہیے تھا کہ آپ اسی دن یہاں پر آ کر اس کو condemn کرتے کہ جو کچھ گنڈا پور کہہ گیا ہے، غلط کہہ گیا ہے۔ ہمیں اس دن سے نیند نہیں آتی جو اس نے باتیں کی ہیں۔ میری یہی خواہش ہے کہ ہم جتنے Parliamentarians ہیں، ایک دوسرے کی عزت کریں اور جو غیر قانونی کوئی چیز ہوتی ہے۔ مجھے یہ دکھ ہوتا ہے کہ جس طرح پولیس پارلیمنٹ میں آئی اور اٹھا کر لے گئی، یہ نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے لیے ہم دونوں کو سمجھنا چاہیے۔ آپ سمجھتے ہیں اور جو آپ باتیں کر رہے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں گے۔ حکومت اور اپوزیشن بیٹھے اور بات کرے، ایک کمیٹی بن جائے۔ آج آپ کے ساتھ ہوا ہے، ہو سکتا ہے کہ کل ہمارے ساتھ ہو۔ آپ یہ سمجھیں کہ یہ ایک زیادتی ہوئی ہے تو اس کے لیے حکومت اور اپوزیشن

کو ایک page پر ہونا چاہیے۔ میرا خیال ہے کہ سپیکر صاحب نے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ آپ یہاں پر بھی ایک وعدہ کر لیں، اگر اس طرح یہاں پر کوئی غیر قانونی حرکت ہو گی تو ہم ایک دوسرے کا ساتھ دیں گے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا۔ جناب والا! Article 16, Freedom of Assembly, اجتماع کی آزادی کا حق ہمیں ہمارے آئین نے دیا ہے۔ ہمیں پرامن احتجاج کا حق ہمارے آئین نے دیا ہے۔ ہم سمجھتے تھے کہ پارلیمنٹ مقدس ہے، پارلیمنٹ کی عمارت مقدس ہے، یہ چار دیواری مقدس ہے یا Parliamentarians مقدس ہیں۔ Parliamentarians کے ساتھ جو 9 ستمبر کو ہوا، وہ جمہوریت پر شب خون مارا گیا ہے۔ ہم اس اقدام کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ اگر Parliamentarian یا کوئی بھی ہو، وہ باہر محفوظ نہیں ہے تو پارلیمنٹ کے اندر بھی محفوظ نہیں ہے۔ جناب والا! مجھے شاعری نہیں آتی لیکن مرزا غالب رحمۃ اللہ علیہ کا ایک شعر یاد ہے، مجھے پورا یاد نہیں ہے، اگر میرے معزز بھائی شبلی فراز صاحب کہیں گے کہ غالب نے فرمایا کہ مر کے بھی چین نہ آئے تو کدھر جائیں۔ اب باہر بھی ہمیں چین نہیں آ رہا ہے، باہر بھی ہمیں رہنے نہیں دیا جا رہا اور پارلیمنٹ کے اندر بھی ہمیں رہنے نہیں دیا جا رہا ہے، پارلیمنٹ کے اندر بھی ہم محفوظ نہیں ہیں تو ہم اس اقدام کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی حاجی شکور خان اچکزئی صاحب۔

**Senator Abdul Shakoor Khan**

سینیٹر عبدالشکور خان: بہت شکریہ جناب چیئرمین! کافی دیر انتظار کے بعد میرا نمبر آیا۔ ایک تقدس کی بات ہوتی ہے، میرے خیال میں یہ بھی ایک تقدس ہے کہ ہم بہت کم لوگ بیٹھے ہوئے

ہیں، تو اس تقدس کا بھی تھوڑا سا خیال کریں۔ ہر ایک اپنی بات کرکے چلا جاتا ہے۔ بہرحال تقدس پر لمبی بات کروں گا۔

جناب چیئرمین ! کل کوئٹہ میں ایک واقعہ ہوتا ہے، ایک ملعون اٹھ کر شان رسالت ﷺ کی توہین کرتا ہے اور پولیس اسے پکڑتی ہے، اسے تھانے لے جایا جاتا ہے، تھانے میں ایک پولیس کا سپاہی اس بندے کو وہیں تھانے میں گولی مار دیتا ہے۔ یہ شریعت اور قانون دونوں طرح سے غلط ہے لیکن بہرحال اس کا ذمہ دار کون ہے؟ میں بالکل اس پولیس والے کو اس کا ذمہ دار نہیں ٹھہراتا ہوں۔ ہمارے عدالتی نظام کو اس کا ذمہ دار ٹھہراتا ہوں۔ شان رسالت ﷺ ہر مسلمان کے لیے انتہائی سنگین، انتہائی دل آویز موضوع ہے۔ شان رسالت ﷺ کے بارے میں کوئی چھوٹی سی بھی بکواس، بڑی بکواس تو چھوڑیں، چھوٹی سی بکواس بھی کوئی مسلمان نہیں سنے گا۔ وہ بکواس کرتا ہے، پولیس پکڑتی ہے تو ایک عدالتی نظام پر عدم اعتماد کرتے ہوئے چونکہ ہمارا عدالتی نظام ایسا ہے کہ وہ مجرم جس کو دس گھنٹے میں پھانسی ملنی چاہیے، وہ ہمیں پورا یقین ہے کہ ملزم مہینوں تک، سالوں تک آگے جائے گا، پیچھے جائے گا، اس کی پیشیاں ہوتی رہیں گی، وکلاء حاضر ہوتے رہیں گے تو اس عدالتی نظام پر عدم اعتماد کرتے ہوئے اس پولیس والے نے اسے گولی ماری۔ میں ایک بات کہوں گا کہ شریعت اور قانون دونوں اسے برا مانتے ہیں لیکن بہرحال ایک پاکستان کے شہری کی حیثیت سے میں اس کا ذمہ دار عدالتی نظام کو ٹھہراتا ہوں اور پولیس افسر غازی سید خان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہوں اور یہاں پر اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے جو بھی قانونی اخراجات ہوں گے وکلاء ہوں گے ان کا سارا خرچہ میں اٹھانے کو تیار ہوں۔

دوسری بات یہ کہ کافی دیر سے 9 ستمبر کے حوالے سے بحث ہو رہی ہے۔ 9 ستمبر کو PTI کا جلسہ ہوتا ہے، اس کے بعد گرفتاریوں کا ایک سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ پہلے ہی یہ گرفتاریاں پچھلے دو سالوں سے جاری ہیں، PTI پر ایک عذاب آیا ہوا ہے اور وہ عذاب کی بھی ایک عجیب سی صورت حال ہے۔ PTI کہتی ہے کہ ہمارے ساتھ ظلم ہو رہا ہے تو PTI والے desk بجاتے ہیں اور Treasury Benches والے سنتے رہتے ہیں پھر Treasury Benches سے صدیقی

صاحب نے اپنا واقعہ بیان کیا تو میں نے دیکھا کہ اس پر Treasury والوں نے desk بجائے اور PTI والے بیٹھے ہوئے تھے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو ایک نسخہ کیمیا بتاتا ہوں، سب کو بتاتا ہوں ذرا غور سے سنیں کہ نسخہ کیمیا کیا ہے۔ ہم نے حالات کیسے بہتر کرنے ہیں، ہم نے آگے کیسے چلنا ہے۔ ایک حدیث نبوی ﷺ آپ کو سنانا چاہتا ہوں، اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا، یہ نسخہ کیمیا ہے، اسے سن رکھیں، لکھ رکھیں اور اپنے دماغ میں اسے بٹھائیں، اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایمان کے لیے یہ لازم ہے کہ ہر مسلمان، ہر انسان جو چیز اپنے لیے پسند کرے وہ دوسروں کے لیے بھی پسند کرے۔ یہ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی ہے کہ جب ہم اپوزیشن میں ہوتے ہیں تو سب کچھ ہمیں برا لگتا ہے لیکن جب حکومت میں آتے ہیں تو وہی ظلم ہم کرتے ہیں۔ میں PTI کے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ نے ساڑھے تین سال حکومت کی، حکومت سے پہلے آپ نے جو پارٹی بنائی، جس طرح بھی رہے لیکن آپ کا امتحان اس وقت شروع ہوا جب آپ حکومت میں آئے۔ آپ نے کیا کیا؟ عمران خان صاحب، میرے ذہن میں اس موقع پر مسلم لیگ والوں کے حوالے سے ایک دوسری بات آ گئی کہ عمران خان کا TV پر نام لینا حرام قرار دیا گیا ہے اور یہ ایسا فیصلہ ہے اور ہم ایک لطیفے کے طور پر سنتے آ رہے ہیں کہ شمالی کوریا میں کہا جاتا ہے کہ آپ نے بال ایسے بنانے ہیں اور اگر آپ نے صدر کے بالوں کے خلاف اپنے بال بنائے تو آپ کو سزا ہو سکتی ہے، میرے خیال میں یہ ایک لطیفہ ہی ہو گا اگر دوسری اقوام یہ سنیں کہ TV پر عمران خان کے نام لینے پر پابندی ہے۔ بہر حال میں اسے بہتر نہیں سمجھتا ہوں۔

میں پہلے عمران خان کے کردار کے حوالے سے بات کروں گا۔ عمران خان یعنی PTI کے کردار کے حوالے سے بات کروں گا۔ سب سے پہلے جیسا کہ میں نے کہا کہ آپ کا امتحان آپ کی حکومت آنے کے بعد شروع ہوا۔ آپ نے حکومت میں آنے کے بعد کیا کیا؟ آپ نے تین ساڑھے تین سالوں میں اپوزیشن کو گھیرنے میں، انہیں جیل میں ڈالنے میں اور اپوزیشن کو سزائیں دینے میں لگائے۔ نہیں چھوڑوں گا، نہیں چھوڑوں گا کا جملہ پاکستانیوں کے ذہنوں میں بیٹھ سا گیا۔ یہ عمران خان کا ایک جملہ اور dialogue اتنا مشہور ہو گیا کہ سب کو یاد ہے۔ امریکہ دنیا کا ایک اہم ملک ہے، امریکہ

میں جا کر ہمارے وزیراعظم ایک سیاسی تقریر میں اعلان کرتے ہیں، کوئی عام اجلاس میں نہیں بلکہ سیاسی تقریر میں اعلان کرتے ہیں کہ میں پاکستان جا کر ان کے AC اتروادوں گا، انہیں سہولتیں دی گئی ہیں، انہیں اچھا کھانا ملتا ہے۔ آپ نے ایسا وقت گزارا ہوا ہے تو آپ خدارا ایسا نہ کریں۔ میں نے آپ کو حدیث مبارک سنائی کہ جو چیز اپنے لیے پسند کرتے ہیں وہ دوسروں کے لیے پسند کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ حاجی شکور صاحب۔ سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب۔

**Senator Nadeem Ahmed**

سینیٹر ندیم احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں ایوان کی توجہ چاہوں گا اور میں بھی اس واقعے کی مذمت کروں گا۔ جو کچھ Parliamentarians کے ساتھ ہوا وہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ میں اتنا عرض کروں گا کہ جو کچھ ماضی میں ہوا وہ بھی غلط تھا جو آج ہو رہا ہے، میں ایوان کی تھوڑی سی توجہ چاہوں گا۔ براہ مہربانی میری بات سنیں۔

Mr. Deputy Chairman: Order order.

سینیٹر ندیم احمد: میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا۔ چونکہ ہم back benchers ہیں اور جب ہال خالی ہونے والا ہوتا ہے تو ہمیں موقع ملتا ہے، پھر ہماری بات اس طرح سے سنی بھی نہیں جاتی ہے۔ میری ذاتی طور پر خواہش ہے کہ یہ جو آج کا اجلاس ہے اور جو آج کا resolution ہے یہ گفتاً، نشستاً، برخاستاً نہیں ہونا چاہیے، اس پر کوئی کام ہونا چاہیے۔

میں یہاں پر اتنا کہنا چاہوں گا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین اور قانون کی بالادستی کی بات کی ہے، پارلیمنٹ اور sovereign Parliament کی بات کی ہے۔ آج آپ دیکھیں کہ گڑھی خدا بخش کا قبرستان بھرا ہوا ہے، ان کا کوئی personal agenda نہیں تھا، آپ وہاں جا کر دیکھیں کہ کارساز کے شہدا کی لاشوں کے ساتھ شہید ذوالفقار علی بھٹو وہاں مدفون ہیں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو وہاں مدفون ہیں، ہماری پیپلز پارٹی کا ہمیشہ یہ agenda رہا کہ پارلیمنٹ مضبوط ہو، آئین کی بالادستی ہو، قانون کی عمل داری ہو۔ اس کے لیے مثالیں موجود ہیں۔ جب 1997 میں

پاکستان میں الیکشن ہوئے تو پیپلز پارٹی صرف 18 سیٹوں کے ساتھ ایوان میں داخل ہوئی، احتجاج ہوا، آئین اور قانون کے دائرے میں احتجاج ہوا، پیپلز پارٹی بات چیت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ دنیا نے دیکھا کہ World War-I and World War-II کے بعد بھی کیا ہوا، table talks ہوئیں، بیٹھ کر بات ہوئی۔ میری یہ خواہش ہے اور میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ جو مسئلہ ہے، جو پارلیمنٹ کی بے توقیری ہو رہی ہے، Parliamentarians کے ساتھ جو کچھ ماضی میں ہوا وہ بھی غلط تھا اور جو آج ہو رہا ہے وہ بھی غلط ہے، میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ سب کو یاد ہوگا جب محترمہ شہید بے نظیر بھٹو صاحبہ پاکستان آئیں تو اس وقت سوات میں Talibanisation تھی۔ میری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو نے کہا کہ میں چاہتی ہوں کہ پاکستان کا جھنڈا پھر سے سوات میں لہراؤں۔ ہمارے قائدین اور ہماری جماعت کے workers کی قربانیاں پاکستان کو مضبوط بنانے اور پاکستان میں امن لانے میں شامل ہیں اور ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی نے بات چیت کی سیاست کی ہے اور اسی پر یقین رکھا ہے۔ میں اپوزیشن کے دوست اور بھائیوں سے یہ کہتا ہوں کہ خدارا بیٹھیں، میں Treasury side کے دوستوں سے بھی کہتا ہوں کہ خدارا بیٹھ کر بات چیت کے ذریعے اس مسئلے کا حل نکالیں، آج پارلیمنٹ کی جو بے توقیری ہو رہی ہے وہ پہلے کبھی نہیں ہوئی ہے۔ یہ ایوان مقدس ہے۔ یہ پارلیمنٹ مقدس ہے۔ اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ممبران آئین اور قانون بناتے ہیں۔ عوام کو relief دینے کے لیے قانون سازی کرتے ہیں۔ میں دونوں سائیڈوں کی ممبران سے گزارش کروں گا کہ خدارا! اس جھگڑے سے نکل پاکستان کی عوام جو مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے۔ بلوچستان کے جو حالات خراب ہیں۔ جو خیبر پختونخوا میں ہو رہا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ان چیزوں کو address کیا جائے۔ مہنگائی کو کم کیا جائے۔ عوام کے اصل issues پر بات کی جائے۔ لوڈشیڈنگ پر بات کی جائے۔ اس پر حکومت بھی اپنا role ادا کرے اور اپوزیشن سے بھی میں گزارش کروں گا کہ آپ مثبت تجاویز دیں کہ ملک کو بہتری کی طرف کیسے لے کر جائیں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سید فیصل علی سبزواری صاحب۔

**Senator Syed Faisal Ali Subzwari**

سینیٹر سید فیصل علی سبز واری: محسن عزیز صاحب کی کرم فرمائی کا بہت شکریہ۔ جناب چیئر مین! چائے کے ساتھ اگر پکوڑے مل جائیں تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جناب چیئر مین! میرے خیال سے اس ایوان نے بڑی اچھی روایت قائم کی ہے کہ ایک قرار داد لے کر آئے ہیں کہ جس میں ہمارے قومی اسمبلی کے ارکان کی گرفتاری اگر پارلیمان کے احاطے سے ہوئی ہے تو اس کی سب نے مذمت کی ہے اور اس میں کوئی ifs and buts شامل نہیں ہے۔ یہ unconditional ہے۔ یہ انتہائی نامناسب عمل ہوا توقع رکھتے ہیں کہ سپیکر قومی اسمبلی نے جو کمیٹی بنائی ہے وہ نتائج لے کر آئے گی اور ایسے نتائج لے کر آئے گی کہ آئندہ کوئی ایسا کرنے کا سوچے گا بھی نہیں۔ باوجود اس کے کہ ماضی میں ہمارے MPAs کو سندھ اسمبلی سے بھی گرفتار کیا گیا ہے اور جس طرح سے گرفتار کیا گیا تھا۔ پولیس موبائیلوں میں ٹھڈے مارے جاتے تھے ہم نہیں چاہتے کسی اور کے ساتھ ایسا ہو۔ باوجود اس کے کہ مجھے یہ خدشہ ہے کہ ہمارے جو دوست اس طرف بیٹھے ہیں وہ جب کبھی حکومت میں آئیں گے تو ان شاء اللہ تعالیٰ جس طرح کے عزائم ہیں اور جس طرح کی body language ہے جو آج اگر کسی کے ساتھ ہوا ہے تو اس سے زیادہ ہوگا۔ یہ سب کوئی بہت زیادہ productive عمل نہیں ہے۔ آپ گیلری کے لئے play کرتے ہی جیسا کہ ایک معزز رکن نے دو دن پہلے کیا اور چیئر مین صاحب نے ان کو دو دن کے لئے suspend کیا۔ انتہائی نامناسب الفاظ انہوں نے یہاں floor of the House کے اوپر استعمال کئے۔ بدقسمتی سے ان کی کوئی مذمت نہیں کی گئی۔ بدقسمتی سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے تحریک انصاف کے جلسے میں جو زبان استعمال کی۔ جو ان کا مواد تھا اور جو دو دن سے پختونخوا اسمبلی میں بعض لوگ کہہ رہے ہیں۔ ایک صوبے کی منتخب وزیر اعلیٰ جو کہ خاتون ہیں ان کے متعلق اتنی بد تہذیبی والی گفتگو نہ صرف جلسے میں ہوئی بلکہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے ارکان کی بھی دیکھی گئی۔ وہ بھی انتہائی قابل مذمت ہے۔ یہ سارے کے سارے وہ عوامل ہیں جو اس ماحول کو جنم دیتے ہیں کہ جس سے اس طرح کے abnormal actions مختلف جانب سے آپ کو دیکھنے کو ملتے ہیں۔ جو ہم soul searching کی بات کر رہے ہیں۔ جناب چیئر مین! یہ لیڈر شپ کا کام ہے کہ وہ soul searching کو preach کریں اور practice کرائے۔ یہ نہیں کہ دوسرے نے اگر غلط زبان استعمال کی ہے یا کسی کی گرفتاری کی مذمت نہیں کی تو میں کہتا ہوں

کہ جناب میں بھی تمہاری گرفتاری کی مذمت نہیں کروں گا۔ مختلف جوانب سے یہ تقریر ہو چکی ہے۔ میں اس کی اتنی گہرائی میں نہیں جاتا۔ جناب چیئرمین! ساتھ ہی ساتھ میں ایک ناانصافی جو اس ملک میں ہو رہی ہے اور اس پر میں بہت عرصے سے گفتگو کا ہے بہ گاہے کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ پورے ملک میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے طرز کی ہائی کورٹس ہونی چاہئے۔ بہت ضرورت ہے کیونکہ اسلام آباد ہائی کورٹ وہ ہے جہاں میں دیکھتا ہوں کہ کوئی بھی مقدمہ لگے تو اگلے دن ماشاء اللہ جج صاحبان اس کو اٹھا لیتے ہیں۔ وہ futuristic اور hypothetical situations میں بھی آرڈرز دے رہے ہوتے ہیں کہ اگر ایسا ہوا تو اس کا ابھی سے جواب لے کر آئیں گے۔ فلاں آدمی جو کہ گرفتار ہے اس کو لاپتا کرنے کی ہمت کیسے ہوئی جو کہ لاپتا بھی نہیں تھا۔ جناب چیئرمین! کرچی سے لے کر بلوچستان تک اس ملک کا نوجوان لاپتا ہے۔ ہائی کورٹ الیکشن کے معاملے میں تو فیصلہ دے دیتی ہے کہ باقی دوسرے صوبوں میں بھی الیکشن نہیں ہوگا۔ تو کل کو معزز ہائی کورٹ اسی طریقے سے میں توقع رکھتا ہوں کہ پورے ملک کے بچوں کے لئے بھی بات کرے گی۔ ہم نے تو petitions کی ہوئی ہیں۔ کیا لاپتا افراد کا کمیشن، کیا ہائی کورٹ، کیا سپریم کورٹ کہاں تک نہیں پہنچے لیکن are they children of lesser gods کہ کوئی ان کی بات نہیں کر رہا۔ میرے 107 کارکنان لاپتا ہیں۔ ایک ایک کی رہائی کے لئے ان کی ماؤں، ان کے گھر والوں کی بپتا عدالتوں تک، متعلقہ اداروں تک پہنچانے کے لئے تو ہمارے لوگوں کے جوتے گھس گئے ہیں لیکن اس طرح کا کوئی انصاف جو کہ بڑا rapid ہے، میں کہتا ہوں کہ سرعت کے ساتھ ملنے والا نظام انصاف ہمیں مہیا نہیں ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ جناب وہاں پر بھی یہ انصاف دیا جائے۔ کسی کی بھی حکومت ہو۔ کل تحریک انصاف کی تھی آج مسلم لیگ (ن) کی ہے۔ آنے والے دور میں کسی کی بھی ہو ان حکومتوں کو لوگوں کو لاپتا کرنے سے کوئی بھی فائدہ نہیں ہے۔ موجودہ حکومت نے لاپتا افراد کی بازیابی کے لئے پارلیمانی کمیٹی بنائی۔ اس سے آگے جایئے اس ملک کی بچوں کو جنہوں نے بندوقیں نہیں اٹھائی ہیں یا جو بندوقیں چھوڑ کر آنا چاہتے ہیں ان کے لئے amnesty کا اعلان کیجئے۔ عام معافی کا اعلان کیجئے ان کو بازیاب کرائیں۔ جناب چیئرمین! یہ طریقہ نہیں ہونا چاہیے کہ اگر میری ایک particular political leaning ہے تو جناب! اسی political leaning کا کہیں سے judiciary میں ان کو

لوگ بھی کہیں سے مل جاتے ہیں اور وہ hypothetical situation پر فیصلے دے رہے ہوں۔ یہ انتہائی نامناسب قدم ہے۔

جناب چیئرمین! میں انتہائی احترام کے ساتھ عرض کروں کہ جس خدشے کا میں نے پہلے اظہار کیا تھا کہ جس طرح political system میں heat regenerate ہوئی ہے۔ یہ heat کسی کے لیے بھی کوئی بہت زیادہ سودمند نہیں ہے۔ ہمارے دوست جب ہم اپوزیشن میں ہوتے تھے یا آج دیگر دوست جب اپوزیشن میں ہیں تو ان کو یہ لگتا ہے کہ جناب! بس ہم آئیں گے تو ہم نے بدلے لینے ہیں۔ نہیں، جناب! یہ والا عمل کہ ہم نے بدلہ لینا ہے۔ میں اپنے مثبت اقدام سے بدلہ لوں گا۔ میں اپنی کارکردگی کے ذریعے بدلہ لوں گا۔ میں عوام کو بتاؤں کہ میں نے یہ یہ کام کیا ہے۔ کیونکہ آج بعض دوست anti-establishment کے نعرے لگا کر یہ باؤر کرا رہے ہیں کہ ان سے زیادہ کوئی anti-establishment نہیں ہے۔ ہمارے وہ دوست اور Leadership کتنی anti-establishment ہے یہ ہم بھی جانتے ہیں اور وہ بھی جانتے ہیں۔ قبر کا حال تو مردہ زیادہ بہتر جانتا ہے۔ ہم سے زیادہ ان کو علم ہے۔ کیا anti-establishment کا نعرہ لگا دینے سے اور لوگوں کے جذبات کو مزید charge کر دینے سے، پاکستان کے اور مختلف صوبوں کے عام لوگوں کو جو مسائل لاحق ہیں ان کا حل نکل سکے گا۔ بدقسمتی سے نہیں نکل سکے گا۔ یقیناً establishment کا سیاست میں کردار محدود سے محدود تر ہونا چاہیے۔ افسوس کے ساتھ وہ کردار بڑھا ہی ہے لیکن میرے اور دیگر لوگوں کے جن جن اقدامات سے، جہاں جہاں concede کرنے سے وہ کردار بڑھا ہے اس پر بھی تو soul searching کر لیں۔ آپ دوسرے کے لیے اتنے کم grounds چھوڑ جائیں کہ وہ قدم بھی باہر نہ نکال سکیں تو پھر تو آپ کو بھی اپنی political will کو exercise کرنے کا اس سے کم ground ملے گا۔ Having said that sir, جو اس دن ہوا وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ جو ہمارے ساتھ ہو رہا تھا کوئی مذمت نہیں کر رہا تھا۔ مجھے خدشہ یہ ہے کہ جب آئندہ بھی ہمارے ساتھ ہوگا تو کوئی مذمت نہیں کرے گا لیکن اس کے باوجود میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کے ساتھ ہونے والی ایسی کسی بھی زیادتی کی مذمت کرتے رہیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: شکریہ۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ، جناب چیئر مین! میں تو پہلے اپنی بہن کا شعر مکمل کروں کہ

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

جناب چیئر مین! سب سے پہلے تو یہ بات میں کرنا چاہتا ہوں کہ دو روز پہلے جو پارلیمنٹ ہاؤس اور پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر ہوا ہم اس کی پر زور مذمت کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ پوچھتے ہیں کہ آیا یہ کیوں ہوا، کس کی ایما پر ہوا اور کیونکر ہوا؟ آج ہم نے جو resolution pass کیا ہے۔ میں تو سمجھتا تھا کہ آج ہمارے سارے صاحبان اس پر گفتگو کریں گے اور ہم اس چیز پر یکجا ہو کر ایک ہی گفتگو کریں گے وہ گفتگو یہ ہوگی کہ پارلیمان، پارلیمان کی توقیری، پارلیمان کی عزت، parliamentarians کی عزت اور یہاں پر جو قانون ہے قانون کو ہم بالا رکھیں گے اور اسے supreme رکھیں گے۔ دیواروں کو نہیں، سڑک کو نہیں، چمن کو نہیں بلکہ اس ایوان کی عزت کو ہم بڑھائیں گے۔ یہاں پر میرے ایک بھائی ہیں، ندیم بھٹو صاحب، انہوں نے جو فرمایا، بہت short اور بہت اچھی تقریر کی۔ مجھے نہیں پتا لیکن وہ ضرور بھٹو خاندان سے تعلق رکھتے ہوں گے، ان کی گفتگو میں بہت ٹھہراؤ تھا۔ انہوں نے دونوں طرف ایک نصیحت کی اور دونوں طرف ایک بات کی کہ سنبھل جاؤ اور ٹھیک ہو جاؤ۔ میں ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں سمجھتا تھا کہ آج یہی بات ہوگی، آج اسی طریقے کی بات ہوگی، آج یہ بات نہیں ہوگی کہ جو کہ بعض ہمارے بہت senior parliamentarians کر رہے ہیں۔ عرفان صدیقی صاحب میرے بھائی ہیں، میں ان کی قدر کرتا ہوں، ان کو یاد آنا چاہیے کہ انہی کا ایک بھائی اس وقت Interior Committee کا چیئر مین تھا جب آپ کا کیس آیا تو ہم نے نہ صرف آپ کے ساتھ ہمدردی کی بلکہ جس طرح آپ نے فرمایا، اسی طریقے سے ہم نے وہاں پر rules بنائے، regulations بنائے اور ایکٹ بنایا اور bill کو pass کروایا۔ اس کے بعد وہ bill کہاں غائب ہو گیا، اس کے بعد سے آج ساڑھے تین سال گزر گئے، جس میں چھ مہینے شاید ہمارے تھے جبکہ باقی

اڑھائی سال ان کے تھے، وہ bill کہاں چلا گیا، یہ اب ان کو معلوم ہوگا۔ انہوں نے بھی کوشش کی، ہم نے بھی اس کے بعد کوشش کی لیکن وہ bill غائب ہو گیا۔ یہ نہ کہیں کہ صرف PTI ہی ذمہ دار ہے اور اسی نے یہ کام کیا۔ میں اپنے بھائیوں سے سوال کرتا ہوں کہ پاکستان کو بنے کتنے سال ہو گئے؟ پاکستان کو بنے 77 سال ہو گئے۔ اس آئین کو بنے کتنے سال ہو گئے؟ اسے 52 سال ہو گئے۔ بات گھوم پھر کر ساڑھے تین سال پر آجاتی ہے۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ جب senior parliamentarians یہ کہتے ہیں کہ اس طریقے کی گفتگو نہ کبھی سنی اور نہ کبھی دیکھی۔ میں افسوس سے ان کو کہتا ہوں کہ شاید پھر ان کی یادداشت کمزور ہے کہ جب کوئی کہتا تھا کہ بالوں میں ہاتھ ڈال کر، پیٹ میں ہاتھ ڈال کر ہم چوراہے پر گھسیٹیں گے۔ ہم نے تو یہ الفاظ استعمال نہیں کیے اور نہ ہی اس طرح کی بات ہم نے کبھی کی کہ ہماری بہنوں اور ماؤں کی طرح کی [***] سے گرائی جائیں۔ وہ کس نے گرائی تھیں؟ ان کو یہ بھول گئے ہیں۔ صرف تین سال کی باتیں ان کو یاد ہیں۔ یہ بھول گئے ہیں کہ دس گیارہ سال قید کس نے کی تھی، کس بات پر کی تھی، کس کو کرائی تھی۔ یہ بھول گئے کہ سرے محل کا estimate کس نے دیا تھا۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ تین سال کے متعلق ان کو اتنا بغض ہے، ان کو اتنی تکلیف ہے کہ وہ 77 سالوں پر اور 52 سالوں پر بھاری گزر جاتا ہے۔ دوسری طرف سے یہ کون کہتا ہے کہ [***][2] کیا یہ ہم نے کہا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں آپ لیڈر شپ کا نام نہ لیں۔

سینیٹر محسن عزیز: میں لیڈر شپ کا نام نہیں لے رہا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محسن عزیز صاحب! ابھی آپ لوگوں کے درمیان ایک understanding ہوئی ہے، اس کے بعد آپ وہی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: میں صرف یادداشت تازہ کروا رہا ہوں۔ میں یہ نہیں کہہ رہا۔ جس نے کہا، ان سے آپ پوچھیں۔

---

[2] *"Words expunged as ordered by the Deputy Chairman."*

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تمام personal باتیں جس نے بھی کی ہیں، یہ کارروائی سے حذف کی جاتی ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: ایون فیلڈ کا کیس ہم نے نہیں بنایا تھا۔ میں یہی عرض کرر رہا ہوں کہ جب وہ صرف ساڑھے تین سالوں کو یاد کرتے ہیں تو میں صرف یادداشت تازہ کروانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ میں نے تو کسی کا نام نہیں لیا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: بٹ صاحب! مہربانی فرما کر تشریف رکھیں۔

سینیٹر محسن عزیز: میں نے کوئی personal بات نہیں کی۔ آپ غلط فرما رہے ہیں، میں نے کسی کو personal نہیں کہا۔ میں نے تو کسی کا کہا ہے کہ یہاں جب گنڈاپور کی بات ہوتی ہے کہ انہوں نے personal بات کی ہے تو میں صرف یاد کروا رہا ہوں۔ میں دونوں باتوں کو غلط کہتا ہوں لیکن اس کو بھی یاد کریں۔ میں یہ بات کرنا چاہ رہا ہوں کہ اس وقت ایک طریقے سے بلوچستان میں آگ لگی ہوئی ہے، ایک طریقے سے خیبر پختونخوا میں آگ لگی ہوئی ہے۔ Law and order کی situation ہے اور ہم اسی rigmarole میں پڑے ہوئے ہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔ ہم کس طرف جانا چاہ رہے ہیں؟ مجھے یہ بتائیں کہ یہاں پر جو ہم بات کرتے ہیں پارلیمنٹ کی توقیر کی تو میں سب سے پوچھتا ہوں، میں آپ سے بھی ڈپٹی چیئرمین صاحب! مخاطب ہوں کہ ہمارے بھائی اعجاز چوہدری صاحب ہیں، ایک سال سے ہم repeat کر رہے ہیں کہ ان کا production order جاری کیا جائے۔ وہ کیوں نہیں ہوتا؟ کیا وجہ ہے کہ نہیں ہوتا؟

بات یہ ہے کہ اگر ہم صحیح راستے پر چلتے ہیں، اچھے راستے پر چلتے ہیں، پاکستان کی بقا کے لیے چلتے ہیں تو ہمیں یہ سب کچھ بھولنا پڑے گا۔ جب بھولتے ہیں تو ایک زبان پر ایک بات کریں۔ یہ نہیں کہ سجّہ دکھا کر پھر کھبّہ ماریں۔ جب ہم سجّہ دکھا کر آگے چلتے ہیں تو ہم یہ بات کریں کہ two wrongs do not make a right. جس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان آج جس نہج پر پہنچ گیا ہے اور جہاں پر ہم گر چکے ہیں۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: جناب! دیکھیں، میں نے آپ کی گفتگو میں کوئی بات نہیں کی تھی۔ بٹ صاحب! میں نے آپ کی گفتگو میں کوئی بات نہیں کی تھی۔ آپ نے جو الفاظ استعمال کیے، گنڈاپور صاحب کا نام لیا، جس کا نام بھی لیا لیکن میں نے کچھ نہیں کیا۔ اس لیے مجھے بھی بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی محسن عزیز صاحب! آپ اپنی بات پوری کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: مجھے بھی بات کرنے دیں۔ آپ مہربانی فرما کر ہاؤس کو in order تو کروائیں۔ مجھے تو آپ کہہ رہے ہیں، میرے پاس تو فلور ہے لیکن انہیں بھی آپ کہیں۔ للذا، ہم جب یہاں پر یہ بات کرتے ہیں کہ ہم 'اڑا کر رکھ دیں گے' تو یہ باتیں پھر یہاں نہ کی جائیں۔ کوئی کسی کو اڑا کر نہیں رکھ سکتا۔ جب یہ الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں تو ان کی اس موقع پر مذمت ہونی چاہیے۔ ہم اس وقت اگر reconciliation کی بات کریں، پارلیمنٹ کی بالادستی کی بات کریں تو اڑا کر کون کسی کو رکھ دیتا ہے۔ اڑایا آج جائے گا تو وہ اڑ کل جائے گا۔ اس لیے ایسی بات کوئی نہیں ہے۔ ہمیں الفاظ کا استعمال محتاط طریقے سے کرنا چاہیے۔ اگر ہم صحیح direction کی طرف جانا چاہتے ہیں، مل جل کر جانا چاہتے ہیں، پارلیمنٹ کو بالادست رکھنا چاہتے ہیں، اس کی توقیر کا خیال کرنا چاہتے ہیں، parliamentarians کو اپنے طریقے سے آگے چلانا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ یک مشت ہو کر اور یکجا ہو کر ہم آگے چلیں ورنہ ہمارا راستہ آگے بہت bleak ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر طلال چوہدری صاحب۔ ایک منٹ اس کو بات کرنے دیں۔ آپ فیصلہ کر لیں۔ طلال صاحب! آپ بات کر لیں۔

## Pointing out of Quorum

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی کورم point out ہو گیا ہے۔ کورم کا جو result آیا ہے، وہ یہ ہے کہ کورم پورا نہیں ہے۔ یہ اجلاس بروز جمعہ، 13 ستمبر، 2024 صبح ساڑھے دس بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔ شکریہ۔

---------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, the September 13, 2024 at 10:30 am]*

---------------